Vol. I

No. 3

# THE HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY DEBATES

## OFFICIAL REPORT OF THE PROCEEDINGS

OF

## The Sixth Day of the First Session of the First Legislative Assembly

*Thursday, 27th March, 1952.*

*Price*

GOVERNMENT PRESS
HYDERABAD-DN.
1952

## CONTENTS


PAGE

1. Hon'ble the Finance Minister's speech on the Motion for Vote on Accounts ... ... ... ... ... 97
2. Amendments to the Motion for Vote on Account ... ... 99

MOVERS OF THE AMENDMENTS

1. Shri Vishwanath Rao ... ... ... ... 102
2. Shri Ch. Venkat Ram Rao ... ... ... 102
3. Shri A. Raj Reddy ... ... ... ... 102
4. Shri V. D. Deshpande ... ... ... ... 102
5. Shri K. Papi Reddy ... ... ... ... 103
6. Shri V. D. Deshpande ... ... ... ... 103
7. Shri Limbaji Muktaji ... ... ... ... 103
8. Shri Srinivasa Rao ... ... ... ... 103

DISCUSSION ON THE AMENDMENTS TO THE MOTION FOR VOTE ON ACCOUNT 104

*Participants.*

1. Shri Viswanath Rao ... ... ... ... 104
2. Shri Ch. Venkatram Rao ... ... ... ... 104
3. Shri A. Raj Reddy ... ... ... ... 104
4. Shri V. D. Deshpande ... ... ... ... 108
5. Hon'ble Shri B. Ramakrishna Rao (Chief Minister) ... 118
6. Hon'ble Shri V. B. Raju (Labour & Rehabilitation Minister) ... 135
7. Shri Abdul Rahman ... ... ... ... 139
8. Shri Lakshman Bapuji Konda ... ... ... 140
9. Shri Papi Reddy ... ... ... ... 143

# LEGISLATIVE ASSEMBLY

## SIXTH DAY

*Thursday, 27th March, 1952.*

The Legislative Assembly met in the Assembly Hall, Public Gardens at Five Minutes past Three of the clock. Mr. Speaker (The Hon'ble Shri Kashinathrao Vaidya) in the Chair.

*Mr. Speaker :* The Hon'ble Finance Minister, if he wants to make any speech in support of the motion he moved the other day, can do so.

### Hon'ble the Finance Minister's Speech on the Motion for Vote on Accounts

*The Hon'ble Dr. G. S. Melkote* (Finance Minister) : Mr. Speaker, Sir, When I moved the motion yesterday I felt that I should reserve my reply to the various points raised during general discussion till the end. Even now I am of the same opinion but for the fact that in the meanwhile some of my friends approached me and wanted a clarification from me in regard to the amount placed for vote on account. Since it is envisaged that within the course of three months we will come before the House again with our policies and with the revised Budget, they asked me why I included a sum somewhere about Rs. 16 crores, which is roughly about half the total estimated budget. I dare say some of the Hon'ble Members have not perused the annexure to the motion, wherein under various heads we have mentioned the amounts which we thought we would require during the course of the year, and added to that an amount, not for the year, but for the next three months. At the end of items No. 19 to 28 sums have been noted which are intended for capital expenditure. Hence, the total comes to about Rs. 16 crores. The expenses on administration and various other items will be roughly about Rs. 7 crores *i.e.*, about 25%. For the other items shown towards capital expenditure, about Rs. 9 crores will be required. Following are the figures :—

| | Rs. |
|---|---|
| Land Revenue ... ... ... | 40,80,000 |
| State Excise Duties ... ... ... | 26,10,000 |
| Stamps ... ... ... ... | 95,000 |
| Forest ... ... ... ... | 8,79,000 |
| Registration ... ... ... | 1,23,000 |

| | Rs. |
|---|---|
| Charges on account of Motor Vehicles Act ... | 4,00,000 |
| Other taxes and duties ... ... | 14,28,000 |
| Other revenue expenditure financed from ordinary revenue : | |
| Irrigation works : (1) Works for which no capital accounts are kept ... ... | 17,61,000 |
| General Administration ... ... | 23,91,000 |
| Administration of justice ... ... | 12,50,000 |
| Jails and Convict settlements ... ... | 9,17,000 |
| Police ... ... ... ... | 1,63,09,000 |
| Scientific Departments ... ... | 2,21,000 |
| Education ... ... ... ... | 1,26,33,000 |
| Medical ... ... ... ... | 30,02,000 |
| Public Health ... ... ... | 15,11,000 |
| Agriculture ... ... ... | 21,91,000 |
| Veterinary ... ... ... | 4,94,000 |
| Co-operation ... ... ... | 5,85,000 |
| Industries & Supplies ... ... | 5,63,000 |
| Miscellaneous Departments ... ... | 22,92,000 |
| Civil Works ... ... ... | 57,33,000 |
| Other revenue expenditure connected with electricity schemes ... ... ... | 6,000 |
| Territorial and political pensions ... ... | 6,78,000 |
| Superannuation Allowances and Pensions ... | 60,19,000 |
| Stationery & printing ... ... ... | 9,04,000 |
| Miscellaneous ... ... ... | 13,55,000 |

which comes to Rs. 7,04,30,000. This is on the expenditure side.

| | |
|---|---|
| On the capital expenditure : ... ... | |
| Construction of irrigation works ... ... | 1,28,49,000 |
| Capital outlay on improvement of Public Health ... ... ... ... | 7,34,000 |
| Capital outlay on multi-purpose river schemes | 31,02,000 |
| Capital Account of Civil Works outside the Revenue Account ... ... ... | 21,34,000 |
| Capital outlay on electricity schemes ... | 17,01,000 |

| | | Rs. |
|---|---|---|
| Capital outlay on Road transport schemes | ... | 12,50,000 |
| Payments of commuted value of pensions | ... | 1,25,000 |
| State Schemes connected with State Trading | | 3,13,62,000 |
| Total Capital expenditure outside the Revenue Account ... ... | ... | 5,32,57,000 |
| State Road Fund ... ... | ... | 50,000 |
| Loans and Advances by State Government | ... | 4,13,93,000 |
| Total disbursements under Debt heads | ... | 4,14,43,000 |

which makes a grand total of Rs. 16,51,30,000.

These are the details of the Budget and hence if any Hon'ble Member here has got any doubt with regard to the amount of expenditure sought for, the annexure would make it clear. That is the point I thought I should bring to the notice of the Hon'ble Members. This apart various things have been said against the motion for vote on account placed before the Hon'ble Members. As the House has to consider various amendments received so far which are going to be moved by the Hon'ble Members, I would like to request the Hon'ble Speaker to permit me to speak at the end after the full discussion on the Budget.

## Amendments to the Motion for Vote on Account

*Mr. Speaker*: I think the amendments have already been received by the Office from the Hon'ble Members. I will, therefore, wait for five minutes till they are distributed among all the Hon'ble Members in the House.

*Shri Raj Reddy* (Sultanabad): Mr. Speaker, Sir, I rise on a point of information. This is a motion for vote on account. The discussion on this is going to take place today and amendments are going to be moved. As far as I understand the rules are not clear as to cut motions. I want to know whether or not cut motions can be moved in this connection.

*Mr. Speaker*: No doubt the Provisional Rules of the Hyderabad Legislative Assembly do not lay down any definite procedure in this regard. I would like to draw the attention of the Hon'ble Members to Rule No. 136 of the Rules of Indian Parliament which reads thus :

"136 (1). A motion for Vote on Account shall state the total sum required, and the various amounts needed for each Ministry, Department or item of

expenditure which compose that sum shall be stated in a schedule appended to the motion.

(2) Amendments may be moved for the reduction of the whole grant or for the reduction or omission of the items if whereof the grant is composed.

(3) Discussion of a general character shall be allowed on the motion or any amendments moved thereto, but the details of the grant shall not be discussed further than is necessary to develop the general points.

(4) In other respects oa motion for vote on account shall be dealt with in the same way as it it were a demand for grant.

These are the provisions relating to the vote on account.

I would like to inform the House why the copies of these amendments are being distributed so late. Yesterday was a holiday. The time for submitting the amendments was till 12 noon today. These amendments after they were received in the office were taken up for scrutiny. I had to examine whether they were in order which meant some time. Despite the fact that it was done as expeditiously as possible, I had to come a couple of minutes late.

In order to save time, what I propose is that all those who want to move the amendments should do so, and then instead of having a separate discussion on each amendment, we shall have discussion on all the amendments together. Of course, at the time of vote on account, each item will be taken up separately and put to vote. The general discussion on all the amendments can take place at a time.

I shall, therefore, call upon each of the Hon'ble Members to move his amendment and when all the amendments are moved there will be a discussion on them. Some of the amendments filed have been disallowed. I want the discussion on the amendments to continue till about 5 p.m., if the House agrees. Practically we have started our business today. So we may close at 5 p.m. Tomorrow is a holiday, but we agreed to meet for the election of the Deputy Speaker. Originally we proposed to meet at 10 A.M. for that purpose and not to transact any other business tomorrow, but as I want to close the discussion day after tomorrow, *i.e.*, on the 29th, if possible, I require the House to meet at 10 A.M. tomorrow and work till 5 P.M. There is one more item on the agenda, *viz.*, the Appropriation Bill. If the House agrees I would like the Appropriation Bill be taken up for consideration at 3 P.M. on the 29th. After the debate on vote on account is over, practically our work will be over. The Appropriation Bill does not require so much time for discussion. Therefore, we should

take up the Appropriation Bill at about 3 P.M. and finish it by 5 P.M. That means we will have two hours discussion on the Appropriation Bill. We had already one full day's discussion on the motion for Vote on Account and we would again have two hours general discussion tomorrow if necessary, and then we wou d meet again on the 29th. The whole of that morning will be availed for the discussion on that motion and at about 12 o'clock I will put the motion to vote. We will then take up the Appropriation Bill at 3 P.M. as I desire to complete this business also on that day. 30th is again a holiday. This is the way I want to proceed, and I believe the House agrees with this programme. If any Hon'ble Member has to make any suggestion, I would welcome it.

**شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے ( اپاگوڑہ )** ۔ ہماری پارٹی کی جانب سے ایک آنریبل ممبر نے آج اڈجرنمنٹ موشن ( Adjournment motion ) آپ کے پاس بھجوایا ہے ۔ اس کے بارے میں کیا کارروائی ہوئی اس سے مطلع فرمایا جائے تو بہتر ہے ۔ چونکہ یہ موشن پبلک اہپارٹنس ( Public importance ) رکھتا ہے اس لئے موقع دیا جائے تو بہتر ہوگا ۔

**مسٹر اسپیکر** ۔ اس بارے میں آپ کی توجہ رول ( ۱۳۰ - سی ) کلاز (۴) ۔ (Rule 130 C, clause 4) کی جانب مبذول کرانا چاہتا ہوں جس میں لکھا ہے کہ :—

> ' The consideration of the business referred to in sub-rule (2), shall not, on the day or days allotted therefor, be anticipated by any motion for adjournment or be interrupted in any manner whatsoever, nor shall any dilatory motion be moved in regard thereto.'

چونکہ اب ڈسکشن شروع ہوچکا ہے اس لئے اڈجرنمنٹ موشن نہیں لیا جاسکتا دوسری چیز یہ ہے کہ یہ موشن رولس کو سیٹیسفائی ( Satisfy ) کرتا ہے یا نہیں آفس سے اس پر کنسیڈریشن ( Consideration ) ہوکر نہیں آیا ۔ ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ اڈجرنمنٹ موشن کےلئے جو چیزیں ضروری ہیں وہ اس میں موجود ہیں یا نہیں ۔ اس میں شک نہیں کہ میاٹر ( Matter ) پبلک اہپارٹنس کا ہے لیکن اس بارے میں واقعات دریافت کرنا ہے ۔ یہ موشن اس لئے پیش کیا گیا ہے کہ ایچ ۔ یس ۔ سی (میٹریکولیشن ) کے زی اگزامینیشن کی اطلاع اخبارات میں آئی ہے ۔ اس سلسلہ میں ہمیں یہ دیکھنا ہوگا کہ یہ اطلاع گزٹ میں شائع ہوئی ہے یا نہیں ۔ ظاہر ہے کہ کسی اطلاع کے اخبار میں شائع ہونے سے اس پر اعتماد لازمی نہیں ۔ مجھے اس بارے میں آفس سے واقعات دریافت کرنے پڑینگے ۔ لہذا میں چاہتا ہوں کہ اس وقت اس سلسلے میں کوئی سوال نہ کیا جائے اگر سوالات کئے بھی جائیں تو میں یہی وجہ بتا کر اسے ریجکٹ ( Reject ) کرسکتا ہوں ۔ اسی لئے بھی میں اسکو ٹالتا رھا ۔ بہر حال اس بارے میں غور کرکے بعد میں فیصلہ کرونگا ۔

ایک چیز میں ھاؤز کے سامنے لانا چاھتا ھوں وہ یہ کہ عام طور پر " میں اور میری پارٹی " کہا جاتا ھے ۔ میں اس رجحان کو پسند نہیں کرتا ۔ میرے سامنے کوئی پارٹی نہیں ۔ میں سمجھتا ھوں کہ پارٹی کا حوالہ دئیے بغیر کسی ممبر کا اظہار رائے کرنا کافی ھے ۔ خاص طور پر پارٹی کے حوالہ سے زور دینے کی چنداں ضرورت نہیں ھے ۔ ان الفاظ کے استعمال کو میں پسند نہیں کرتا ۔

اب بجٹ کے سلسلے میں امنڈمنٹسس پیش ھونگے ۔ جن ممبرس نے امنڈمنٹس پیش کئے ھیں وہ پہلے انہیں پڑھ دینگے ۔ ان امنڈمنٹس کی کاپیاں ھاوز میں تقسیم کی گئی ھیں ۔ امنڈمنٹس کے بارے میں جو آنریبل ممبرس تقریر کرنا چاھتے ھوں انہیں بعد میں موقع دیا جائے گا ۔ جن آنریبل ممبرس نے امنڈمنٹس پیش کئے ھیں انہیں تقریر کا پہلے موقع دیا جائیگا تاکہ ایسا نہ ھوکہ جن ممبرس نے امنڈمنٹس پیش کئے ھیں انہیں موقع نہ ملے اور دوسرے ممبرس کی تقریروں میں وقت ختم ھو جائے ۔ ھاؤز کے سامنے نو امنڈمنٹس آئے ھیں انہیں پیش کرنے والے ممبرس پہلے ھاؤز کے سامنے صرف اپنے امنڈمنٹس پڑھ دیں ۔ بعد میں انہیں تقریر کا موقع دیا جائیگا ۔

اب شری وشوا ناتھ راؤ اپنا امنڈمنٹ پیش کریں ۔

*Shri Viswanath Rao* (Luxshettipet-General) : I beg to move an amendment in respect of grant 7-Land Revenue that a sum of Rs. 10 lakhs provided for Civil Team (Revenue Officers on deputation from outside the State) be deleted.

*Mr. Speaker* : Shri Ch. Venkatram Rao.

*Shri Ch. Venkatram Rao* (Karimnagar): I beg to move an amendment that in respect of grant 25-General Administration that the estimated expenditure on the grant be reduced by a sum of not less than Rs. 3 lakhs and, therefore, for the figure under the above head, the figure Rs. 20,91,000 be substituted.

*Mr. Speaker*: Shri A. Raj Reddy.

*Shri A. Raj Reddy* (Sultanabad) : I beg to move an amendment the estimated expenditure under the head, 28-Jails and convict settlements, be reduced by a sum of not less than Rs. 4,17,000 and, therefore, for the figure under the above head, the figure Rs. 5,00,000 be substituted.

*Mr. Speaker*: Shri V. D. Deshpande.

*Shri V. D. Deshpande* (Ippaguda) : I beg to move an amendment that the estimated expenditure under head 29-Police be reduced by a sum of not less than Rs. 1,38,09,000 and the figure Rs. 25,00,000 be substituted for the figure under the above head

*Mr. Speaker* : Shri K. Papi Reddy.

*Shri K. Papi Reddy* (Ibrahimpatnam-General) : I beg to move an amendment that the estimated expenditure grant under the head 29-Police be reduced by a sum of not less than Rs. 47,57,750 and, therefore, for the figure under the above head, the figure of Rs. 1,15,51,250 be substituted.

*Mr. Speaker* : Shri V. D. Deshpande.

*Shri V. D. Deshpande* (Ippaguda) : I beg to move an amendment that the estimated expenditure under head 47-Miscellaneous Departments be reduced by a sum of not less than Rs. 100 and, therefore, for the figure under the above head, the figure of Rs. 22,91,900 be substituted.

*Mr. Speaker* : Shri Limbaji Muktaji.

*Shri Limbaji Muktaji* (Manjlegaon) : I beg to move an amendment in respect of the grant 57-Miscellaneous that the grant be reduced by a sum of Rs. 10 lakhs.

*Mr. Speaker* : Shri Virupakshappa has withdrawn the amendment, S. No. 8, in the list. I think, ordinarily there should be no objection. I take that the House is prepared to grant him permission to withdraw.

(An interruption by Shri V. D. Deshpande on the withdrawal of the amendment of Shri Virupakshappa.)

*Mr. Speaker* : Now it has been withdrawn and there should be no discussion on the point.

*Mr. Speaker* : Shri Srinivasa Rao.

*Shri Srinivasa Rao* (Dichapalli) : I beg to move that the estimated expenditure in respect of grant 82-B, Capital outlay on Road Transport Schemes, be reduced by a sum of Rs. 100.

*Mr. Speaker* : Now, all the amendments except No. 8 have been moved and there will be discussion on these amendments. Of course, those items on which amendments have not been received it will be taken for granted that they are approved by the House. Now, there will be discussion on these amendments.

Shri Vishwanath Rao has moved the first amendment. I think, he would like to speak in support of that amendment.

## Discussion on the Amendments to the Motion for Vote on Account.

شری وشوا ناتھ راؤ (لکشٹی پیٹھ - عام) - مسٹر اسپیکر، سر - ابھی ہمارے سامنے جو بجٹ پیش ہوا ہے اس میں ایسے کسانوں اور مزدوروں کی بھلائی کے لئے کوئی ایٹم نہیں ہے جو پچھلے کئی دنوں سے زمینداروں اور جاگیر داروں کے مظالم سے دبے ہوئے ہیں - یہ اہل حیدرآباد کے لئے واقعی توہین کا باعث ہے کہ اس میں انکے لئے کوئی ایٹم نہیں رکھا گیا - اس میں ایک ایٹم نمبر (۷) لینڈریوینیو ( Land revenue ) ہے - اس ایٹم کے تحت باہر سے جو آفیسرس یہاں آئے ہیں ان کے لئے (۱۰) لاکھ روپیے ہمارے فینانس منسٹر چاہتے ہیں - لیکن میں یہ کہونگا کہ حیدرآباد میں جس قدر بیروزگاری بڑھ گئی ہے اس کے لئے کوئی راستہ ہمیں دکھائی نہیں دیتا تو پھر باہر سے آنے والے آفیسرس کے لئے (۱۰) لاکھ روپیے خرچ کرنا کیونکر مناسب ہوسکتا ہے - اس لئے میں چاہتا ہوں کہ یہ رقم ڈیلیٹ ( Delete ) کردیجائے -

شری سی ایچ وینکٹ رام راؤ - (کریم نگر) - مسٹر اسپیکر، سر - جس امنڈمنٹ کو میں نے ہاؤس کے سامنے رکھا ہے وہ جنرل اڈمنسٹریشن کے بارے میں ہے جس کے لئے ہمارے آنریبل فینانس منسٹر (۹۸) لاکھ روپیہ کی منظوری کا ڈیمانڈ ( Demand ) کر رہے ہیں - اس میں پہلے کی بہ نسبت کمی ضرور کی گئی ہے لیکن یہ موجودہ رقم بھی زیادہ ہے اور اس سے وہی سابقہ شاہانہ ٹھاٹ معلوم ہوتا ہے -

راج پرمکھ کو سالانہ گرانٹ ( Grant ) دینے کے باوجود انکے سکریٹریٹ کے لئے (۵۲،۳۰۰) کی رقم طلب کی گئی ہے اور ہمارے عوامی حکومت کے منسٹرس کے لئے ۷ لاکھ کا ڈیمانڈ کیا جارہا ہے - اس کے علاوہ پبلک سروس کمیشن کے لئے اضافہ کرکے ۳ لاکھ ۷۹ ہزار کا مطالبہ کیا گیا ہے اور لیجسلیٹیو سیکریٹریٹ (Legislative Secretariat) کے لئے ۸۶ لاکھ - ٹور اکسپنسز ( Tour expenses ) ۷۶ ہزار سے بڑھا کر ایک لاکھ کردئے گئے ہیں - ان ایٹمس میں کافی کمی کی جاسکتی ہے - اس کمی کی وجہ سے مڈل کلاس آفیسرس ( Middle Class Officers ) یا اسٹاف پر اثر نہیں پڑیگا - ہمارا بجٹ ڈیفیسٹ ہے اس لئے یہ غیر ضروری اخراجات جو منسٹرس - راج پرمکھ اور پٹرول وغیرہ کے لئے رکھے گئے ہیں کم کئے جاسکتے ہیں - اسی لئے میں نے یہ امنڈمنٹ پیش کیا ہے - امید کہ اس پر غور فرماکر منظور فرمایا جائیگا -

مسٹر اسپیکر - امنڈمنٹ پیش کرنے کے لئے جن لوگوں کے نام میں لے رہا ہوں وہ یہ نہ سمجھیں کہ انہیں لازماً کوئی تقریر کرنی ہی ہوگی -

شری اے - راج ریڈی (سلطان آباد) - مسٹر اسپیکر، سر - جیل کے مصارف کے لئے جو رقم رکھی گئی ہے اس میں کمی سے متعلق میں نے ایوان کے سامنے ترمیم پیش کی ہے - اس مد میں سال رواں کے لئے ۳۶ لاکھ ۹ ہزار کی رقم رکھی گئی ہے اور روائیزڈ بجٹ ( Revised Budget ) میں اس رقم کو ۳۶ لاکھ ۶۸ ہزار کیا گیا ہے - اسی کے لحاظ سے اب ایک چوتھائی رقم اڈوانس مانگی جا رہی ہے - جس کو کم کرنے

کےلئے میں نے یہ ترمیم پیش کی ہے - بجٹ کو پیش کرتے وقت آنریبل فینانس منسٹر نے یہ فرمایا تھاکہ یہ بجٹ ہمارے پیشرو نے مرتب کیا ہے - ہمیں اپنی پالیسی کے مطابق بجٹ بنانے کے لئے وقت نہیں ملا - بجٹ کو آئندہ روائیز کرکے پیش کرنے کا وعدہ کیا گیا ہے - لیکن جس رقم کا مطالبہ بطور اڈوانس کیا جا رہا ہے اس میں کوئی ایسا رفلکشن ( Reflection ) نظر نہیں آتا جو ان کے پیشروؤں کے بجٹ سے مختلف ہو - صرف یہ کیا گیا ہے کہ ایک چوتھائی رقم ووٹ آن اکاونٹ کےلئے(Vote on Account) رکھدی گئی ہے - ایک پولس کا ایٹم ایسا ہے جس میں ایک چوتھائی سے ۳۸ لاکھ روپیے زیادہ رکھے گئے ہیں - مابقی تمام مدات حسابی طور پر ¼ کئے گئے ہیں - جو اڈوانسز چاہے جا رہے ہیں وہ بہت زیادہ ہیں اور اس میں کوئی ایسا رفلکشن نظر نہیں آتا جو مایوس کن نہو - جوں کی توں رقمیں رکھی گئی ہیں -

جیل اور قید خانوں کے بارے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ گذشتہ تین چار سال سے ہماری جدوجہد نہ صرف اسلامی ریاست بلکہ فیوڈل سسٹم کے خلاف تھی - اس جدوجہد کے بحرانی دور میں جوکچھ گذرا گذرگیا - اب یہ بات مسلمہ ہے کہ حالات پرامن ہیں - بیان کیا جا رہا ہے کہ باہر کی پولس واپس کی جارہی ہے لیکن پولس کےلئے جو رقم رکھی گئی ہے اس سے یہ بات ظاہر نہیں ہوتی - ابھی‌ابھی جو دورگزرا وہ گرفتاریوں - قیدیوں اور قید خانوں کا تھا جس‌کا اثر ابھی تک لوگوں کے دل و دماغ پر ہے - میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ قید خانوں کا کیا انتظام ہے ؟ قیدیوں کےساتھ کیسا برتاؤ کیا جارہا ہے - کوئی گرفتار ہو جائے تو اس کا پتہ اس کی ماں کو نہیں چلتا بہن کو بھائی کا پتہ نہیں چلتا - یہ تک نہیں معلوم ہوتاکہ گرفتار کئے جانے کے بعد اسے کس قید خانے میں رکھا گیا ہے - صحت کی حالت اس‌قدر بری ہے کہ قیدیوں کو دق جیسی خطرناک بیماریاں شروع ہوگئی ہیں - خیر گزرے ہوئے زمانے میں جوکچھ ہوا وہ ہوا - اسکی ایک تاریخ ہے جو اپنی جگہ رہیگی لیکن اب جبکہ امن کے حالات عود کرآئے ہیں - ہنگامی صورت ختم ہوچکی ہے - ایک ملٹری گورنمنٹ آئی اور ختم ہوچکی اسکے بعد ولوڈی کی سیول گورنمنٹ آئی وہ بھی ختم ہوچکی اور اب پاپولر گورنمنٹ راج کررہی ہے اسٹیٹ کا لاکھوں روپیہ اس طرح صرف کیا جانا مناسب نہیں - ان ہزاروں کی تعداد میں قید خانوں کے اندر پڑے ہوئے سیاسی قیدیوں کو رہا کرکے کیوں نہ صرفہ کم کیا جائے ؟ آنریبل ممبر انچارج اب بھی اسکی ضرورت سمجھتے ہیں لیکن ہم اس صرفہ کی ضرورت نہیں سمجھتے - آج ہم اسمبلی میں منتخبہ نمائندوں کی حیثیت سے آئے ہیں - عوام دیکھتے ہیں کہ امن کے حالات پیدا ہوچکے ہیں - انکی اپنی حکومت آئی ہے - ہمیں چاہئے کہ ضروری مدات میں کافی گنجائش فراہم کریں - غیر ضروری مصارف جو ہنگامی حالات میں ناگزیر تھے انہیں اب بالکل گھٹا دینا اور کم سے کم کردینا چاہئے - یہ عوام کے خیالات ہیں اور میں سمجھتا ہوں ایسا کرنے میں عوام کی بھلائی ہے لیکن یہ سمجھکر کہ چونکہ پہلے بجٹ میں ایسا ہے اس لئے رکھا جائے تو صحیح نہوگا - عوام آپ کی مشکلات کی طرف تو نہیں دیکھینگے - وہ تو یہ دیکھنا

چاھتے ھیں کہ انکی مانگیں کس حد تک پوری ھورھی ھیں - آپ ھمارے سامنے یہ عذرات پیش کرسکتے ھیں لیکن عوام آپ کے ان عذرات کو سننے کے لئے تیار نہیں - گذشتہ بحرانی دور میں جو مدات رکھے گئے تھے انہیں گھٹا دینا ضروری ھے - آپ کو ان امور پر غور کرنا چاھئے کہ کتنے سیاسی قیدیوں کو چھوڑا جاسکتا ھے اور اخراجات میں کسقدر کمی ھوسکتی ھے - اگر ان امور کی جانب توجہ نہ کی گئی تو عوام مایوس ھوجائینگے - ھمکو اپنی تاریخ بنانا ھے - عوام کو آگے بڑھانا ھے - اس ایٹم میں ۳۶ لاکھ ۹ ہزار کو ۳۶ لاکھ ۶۸ ہزار کرنا زبان حال سے خود کہہ رہا ھے کہ اس میں کمی نہیں بلکہ اضافہ ھی کیا جا رھا ھے - آپ یہ کہتے تو ھیں کہ ھم فضول مدات کو کم کرنے کی کوشش کررھے ھیں لیکن ھم کیسے یقین کریں کہ اسپر عمل ھو رھا ھے - اسی لئے میں نے اس ایٹم میں ۴ لاکھ ۱۷ ہزار کم کرنے کی تحریک پیش کی ھے کیونکہ حالات جلد جلد بدلتے جا رھے ھیں اور اسی لحاظ سے بجٹ میں بھی تبدیلیاں کرنی ضروری ھیں۔ ظاھر ھے تاریخ سے کوئی انتقام نہیں لیا جاسکتا - حکومت کسی سے انتقام نہیں لیتی - میں عرض کرونگا کہ کنسنٹریشن کیمپس (Concentration camps) جلد از جلد برخواست کئے جائیں اور غیر ضروری مدات کم کئے جائیں - حالات بدل گئے ھیں - ان حالات میں جو لوگ باھر آنے کے مستحق ھیں انکو باھر لایا جائے - اس عوامی بجٹ میں جو مدات ضروری ھیں انہیں رکھا جائے - میں اس جانب بھی متوجہ کرنا چاھتا ھوں کہ بھاری رقمیں رکھنے کے باوجود ستم ظریفی یہ ھے کہ قیدیوں کی حالت ابتر ھے - مجھے اس سال کریم نگر جیل میں وزیٹر کی حیثیت سے مقرر کیا گیا تھا - مدت گزر گئی مگر کوئی نوٹس نہیں آئی - ھوسکتا ھے اتفاقاً ایسا ھوا ھو - میں ایک اور جانب توجہ دلانا چاھتا ھوں وہ یہ کہ کیا انتظامی معاملات رسمی ھیں - ان چیزوں پر کیوں سنجیدگی کے ساتھ غور نہیں کیا جاتا اور ان کو روبعمل لانے کی کوشش کیوں نہیں کی جاتی ؟ جمہوریت نے جو ذمہ داری ھم پر عائد کی ھے اسپر رسمی طور سے عمل کرنے کی کوشش کرنا اس زمانہ میں ٹھیک نہیں ھے - میں توقع رکھتا ھوں کہ انتظامی امور مثلاً قیدیوں کے کھانے پینے - رھنے سہنے کے معاملات میں جو خرابیاں ھیں انکو دور کیا جائیگا - گزرے ھوئے زمانے میں انسانوں کو حیوانوں کی طرح قید خانوں میں اس طرح ٹھونسا جاتا تھا کہ ۲ کی جگہ ۴ اور ۴ کی جگہ ۸ - لیکن اب ھمیں ایسے طریقوں کو بدلدینا چاھئے اور قیدیوں کے کھانے وغیرہ کے انتظامات میں ایسی رعایتیں ملحوظ رکھنی چاھئیں جو ایک جمہوری ملک میں رکھی جاتی ھیں - انکے ضروریات کی فراھمی کا انتظام کیا جائے - ان قیدیوں کی حالت یہ ھے کہ انہیں اچھی غذا تو درکنار ناکافی غذا دیجاتی ھے - سب سے بڑی مصیبت یہ ھے کہ قیدیوں کے متعلقین جب ان سے ملنا چاھتے ھیں تو انکی رسائی ممکن نہیں - کرپشن ( Corruption ) کا یہ حال ھے کہ بغیر دو چار روپیہ خرچ کئے غریب عزیز و اقارب ان سے مل نہیں سکتے - ھمیں چاھئے کہ قیدیوں کے ساتھ انسانوں جیسا برتاؤ کریں - اسے ملحوظ رکھنا چاھئے کہ انہیں جو سزا دیجاتی ھے وہ انتقامی نقطہ نظر سے نہ دیجائے - سزا محض عبرت کے لئے ھوتی ھے اور

قید میں رکھنے کا مقصد انتقام لینا نہیں بلکہ اصلاح ہوتا ہے - قید خانوں کے انتظامات کے سلسلہ میں جو اخراجات ہوتے ہیں انکے غیر ضروری مدات میں کمی کرنی چاہئے-

ان حالات میں میں عرض کرونگا کہ جو رقم اڈوانس لیجارہی ہے اسکے خرچ کرنے میں احتیاط کرنی چاہئے -

مسٹر اسپیکر - آنریبل ممبر شری وی - ڈی - دیشپانڈے -

**شری وی - ڈی - دیشپانڈے** ( اپا گوڑہ ) - اپنی ترمیم کے پیش کرنے سے پہلے ایک چیز دریافت کرنا چاہتا ہوں وہ یہ کہ جو امنڈمنٹس آج موو (Move) کئے جارہے ہیں کیا انکے معنی یہ ہیں کہ بقیہ جو امنڈمنٹس ہیں ان پر دوسرے ممبرس کچھ کہنا چاہیں تو نہیں کہہ سکتے؟ اس بارے میں وضاحت ہو جائے تو مناسب ہے-

**مسٹر اسپیکر** واقعہ یہ ہے کہ ۱۳ امنڈمنٹس آئے تھے جن میں سے (۹) کی اجازت دیگئی - ایک امنڈمنٹ وتھڈرا ( Withdraw ) ہوگیا - تین امنڈمنٹس اس وجہ سے نا منظور کئے گئے کہ ان میں رقمی اضافہ چاہا گیا تھا - جب بجٹ پیش ہوتا ہے تو اس میں کمی کی خواہش ہونی چاہئے اضافہ کی نہیں - چونکہ ان میں اضافہ کی خواہش کی گئی تھی اس لئے ان کو قبول نہیں کیا گیا - چند امنڈمنٹس ایسے بھی پیش کئے گئے تھے جن میں یہ بتایا گیا تھا کہ اتنے پرسنٹیج ( Percentage ) سے کمی کرنی چاہئے ڈفنٹ فیگرس ( Definite figures ) نہیں دئے گئے تھے - ووٹ آنا کونٹ ( Vote on Account ) کے بارے میں پروسیجر یہ ہونا چاہئے کہ امنڈ منٹ میں جنرل طور پر نہیں بلکہ ڈفنیٹ ( Definite) رقم کم کرنے کی تحریک ہونی چاہئے چونکہ بعض امنڈ منٹس میں ایسا نہیں کیا گیا اس لئے انہیں درست نہیں سمجھا گیا -

**شری اناجی راؤ ( پربھنی )** - ابھی جو سوال کیا گیا تھا وہ یہ تھا کہ جب کوئی امنڈمنٹ پیش ہوتو اس پر آنریبل ممبرس دوسرے امنڈمنٹس کی سپورٹ لیکر اسپیچ دے سکتے ہیں یا پیش ہونے کے بعد ہی ڈسکشن ( Discussion ) کا موقع دیاجائےگا -

**مسٹر اسپیکر** - جملہ امنڈ منٹس پر مجموعی طور پر بحث ہو سکے گی - اس کا منشاء یہ نہیں کہ جس آنریبل ممبر نے جو امنڈمنٹ پیش کیا ہے صرف اسی پر اپنے خیالات ظاہر کرے بلکہ مطلب یہ ہے کہ مجموعی طور پر ڈسکشن ہو سکتا ہے -

*The Hon'ble Dr. Chenna Reddy* (Agriculture & Supply Minister).

Mr. Speaker, Sir, In view of the fact that you have already called upon the Hon'ble Members individually to move their amendments in the House, may I now submit that instead of

allowing each Hon'ble Member once again to address the House on his amendment which, I am afraid, will lead to confusion, all the amendments can be taken for general discussion.

*Mr. Speaker* : I had to call the Hon'ble Members individually because I waited for about a minute, no Member rose and so I presumed that there was some misconception about the procedure. I, therefore, had to call a particular Hon'ble Member to speak on his amendment, but at the same time, I made it clear that all the amendments could be discussed collectively and there should not be any doubt on that score.

**شری وی - ڈی - دیشپانڈے (اپا گوڑہ)** - میں یہ امنڈمنٹ ھاوز کے سامنے پیش کرتے ھوئے کوئی لمبی تقریر کرنا نہیں چاھتا - اس بارے میں میرا جو وچار ھے اسے ھاؤز کے سامنے رکھنا چاھتا ھوں - آج کچھ چیزیں کنکریٹلی ( Concretely ) میں ھاؤز کی توجه میں لانا چاھتا ھوں -

پولیس کے لئیے جو گرانٹ مانگا گیا ھے وہ ایک کروڑ ۶۳ لاکھ ۹ ھزار ھے - اسکے انالیسس ( Analysis ) سے معلوم ھوتا ھے که جس طرح دوسرے مدات کے لئیے ۱/۴ مانگا گیا ھے یہاں ۱/۴ نظر نہیں آتا بلکه اس سے زیادہ کا مطالبه کیا گیا ھے - میں سمجھتا ھوں که اس کی وجه آنریبل فینانس منسٹر بتلائیں گے - مجھے اصل میں یه کہنا ھے که جب ھاؤز سے یه وعدہ کیا گیا ھے که یہاں سے پولیس باہر بھیجدی جائے گی تو پھر کیا وجه ھے که بجٹ میں یونین پولیس کے مد کے تحت پورے سال کے لئیے ۱۰ لاکھ ۹۵ ھزار روپیه رکھے گئے ھیں؟ اس سے پہلے جب باھر سے پولس بلائی گئی تھی تومسلحه پولیس پر اوس وقت ۶۴ لاکھ ۶۷ ھزار روپیے خرچ کئے گئے تھے - اب جب که یه بتلایا گیا ھے که اس سال کافی پولس باھر بھیجدی گئی اس کے باوجود اس بجٹ میں یونین پولیس کے لئیے پورے سال کے لئیے ۱۰ لاکھ ۹۵ ھزار روپیه بتلائے گئے ھیں - اس کے متعلق کیا میں یه سمجھوں که اس کا ۱/۴ یا ۱/۲ حصه اس اڈوانس میں ھوگا ؟ میں اس سلسله میں یه کہنا چاھتا ھوں که حیدرآباد میں پولیس ایکشن ھوکر تین چار سال ھوچکے ھیں لیکن اس کی کیا وجه ھے که یہاں کے حالات اطمینان بخش نہیں ھیں اور امن کیوں قائم نہیں ھوا - میں تفصیل میں جانا نہیں چاھتا لیکن اتنا عرض کرنا چاھتا ھوں که پچھلے چھ مہینوں سے حالات پرامن ھیں - آج جبکه ھماری نئی لیجسلیچر کام کررھی ھے آج جبکه مختلف ذمه دار اشخاص کے ذریعه ھر ایک پارٹی اپنے خیالات کا صاف طریقه سے اظہار کر سکتی ھے اور آج جبکه عملاً بھی یه بات صاف ھوگئی ھے تو کیا وجه ھے که باھرکی پولیس کو اب بھی یہاں رکھنے کی ضرورت محسوس کی جارھی ھے - مجھے اچھی طرح یاد ھے که ایک سال قبل میری رھائی کے

بعد جب آنریبل گوپال سوامی آئینگار یہاں آئے تھے تو انہوں نے کہا تھا کہ حیدر آباد میں تلنگانے کے حصوں میں اگر تین مہینے کے اندر حالات ٹھیک ہو جائیں گے تو کمیونسٹ پارٹی پر سے پابندی اٹھانے کے بارے میں سوچنا چاہئیے ۔ کمیونسٹوں پر سے پابندی اٹھائی جاسکتی ہے ۔ اب جبکہ ایسے حالات پیدا ہوگئے ہیں تو ہمیں دیکھنا چاہئیے کہ وہاں جو پولیس کا راج ہے اسے کیوں نہ ختم کیا جائے ۔ میں نہیں سمجھتا کہ پچھلے چار چھ مہینوں میں وہاں کوئی ایسے واقعات ہوئے ہیں جن کے تحت وہاں پولیس رکھی جانی ضروری معلوم ہو ۔ یہ بات نہ صرف میں کہہ رہا ہوں بلکہ ہوم ڈپارٹمنٹ کی طرف سے ہوم سکرٹری نے ان واقعات کا انکشاف کیا ہے ۔ اور انہیں بار بار ظاہر کیا ہے ۔ ممکن ہے ایسے ایک دو واقعات کہیں ہوئے ہوں جیسا کہ آنریبل ممبر میدک کانسٹی ٹیونسی نے ظاہر کیا ہے ۔ یا ممکن ہے کہ اور کہیں ایسے واقعات ہوئے ہوں ۔ لیکن ان واقعات کی ذمہ داری کس پر ہے یہ طے کرنا مشکل ہے ۔ مجھے اجازت دیجئیے تو میں عرض کرونگا کہ حال ہی میں ابراہیم پٹن اور دوسری جگہہ فائرنگ ہوئی جس میں ہمارا ایک کامریڈ ختم ہوگیا ۔ حال میں جبکہ محاذ کی میٹنگ کی جارہی تھی وہاں آرمڈ پولیس گئی اور کہا کہ میٹنگ بند کیجائے میٹنگ جاری رکھی گئی جس پر انہیں مارا پیٹا گیا اور انہیں امبولنس میں بٹھا کر بلارم کے ہاسپٹل میں ڈالدیا گیا ۔ اس کے بعد وہ لوگ میرے آفس میں آئے ۔ میں انہیں ہوم منسٹر کے پاس لے گیا وہاں اونکی رہائی عمل میں آئی ۔ اسی طرح کے واقعات دوسری جگہہ بھی ہو رہے ہیں ۔ اگر اسپر سے ہم یہ نتیجہ نکالیں اور ایک آدہ انسیڈنٹ ( Incident ) کو سامنے رکھتے ہوئے اس کے لئیے (۵۱) لاکھ کی رقم ضروری بتلائیں تو صحیح نہ ہوگا بلکہ یہ بجٹ دواؤں پر ۔ تعلیم پر ۔ صنعت اور بیروز گاروں پر صرف ہوتو مناسب ہے ۔ لہذا میں عرض کرونگا کہ اسپیشل پولس کے لئیے ۵۱ لاکھ کی جو رقم رکھی گئی ہے اسکو خارج کردیا جائے ۔

دوسری چیز جو میں ہاوز کے سامنے لانا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ جب کسی ملک پر حملہ ہوتو اس کی حفاظت کے لئیے فوج رکھی جاتی ہے ۔ انڈین یونین آرمڈ ہے اسکے بعد بھی کوئی اسٹیٹ آرمڈ پولس کھڑی کرے تو اس کے معنی یہ ہوئے کہ ملک کے اندر ایسے حالات ہیں جن کی وجہ سے عوامی حکومت کو فوج اور پولس رکھنی پڑی ۔ اور اس کے یہ بھی معنی ہوئے کہ عوام اس کے ساتھ نہیں ہیں ۔ عوام اس کی تائید میں نہیں ہیں ۔ اس وجہ سے فوج اور آرمڈ پولیس رکھنے کی ضرورت ہوئی پہلے کچھ پولیس تھی بعد میں دو آرمڈ بٹالین قائم کئیے گئے جن کو کافی نہیں سمجھا گیا اور چھ آرمڈ بٹالین قائم کئے گئے ان پر عوام کا جو روپیہ خرچ ہورہا ہے وہ ۸۰ لاکھ ہے ۔ باقی جو خرچہ رزرو پولس کا ہے وہ ایک کروڑ ۳۲ لاکھ ۲۸ ہزار ۳سو روپیے ہے ۔ گویا اسطرح آپ نے سوا کروڑ سے زیادہ رقم اسپیشل پولس پر صرف کرنے کا ارادہ کیا ہے ۔ اگر عوامی حکومت ایسا محسوس کرتی ہے کہ کوئی عجیب سی یا کوئی غیر معمولی چیز ہونے والی ہے جسکے لئیے آرمڈ پولس کی ضرورت ہے تو ہاوز کو بتلادے کہ آرمڈ پولیس کی اس لئیے ضرورت ہے ۔ جب یہ نہیں تو ماننا پڑیگا کہ عوام کے کچھ سوالات ہیں کچھ حل طلب مسائل ہیں جن کو حل کرنے کے

بارے میں شاید عوامی حکومت نہیں سوچ رہی ہے ۔ اگر عوام کے سوالات کو حل کرنے کا ارادہ ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ امن و شانتی کے راستے سے جس کے آپ علمبردار ہیں ان سوالات کو حل نہ کیا جاسکے ۔ امن و شانتی کے راستے سے ان سوالات کو حل کرنے کی کوشش تو کیجئیے ۔ مگر اس کے بر عکس تقریباً ڈیڑھ کروڑ روپیہ پولیس اور بٹالین پر خرچ کیا جارہا ہے ۔ اور اڈوانس مانگے جارہے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ فضول خرچہ ہے۔ یہ عوام کے خلاف ایک اسکیم ہے۔ لہذا اسے فوراً برخواست کردیا جائے ۔ جو خرچہ بڑھایا گیا ہے یا جو خرچہ غیر ضروری ہے اسکو ختم کردینا مناسب ہے۔

ایک اور چیز اکسپلیمنیٹری میمورینڈم (Explanatory Memorandum) کے صفحہ ۱۳ پر ہے ”۸۰ نئے پولس اسٹیشنس کا قیام “۔ اس سے پہلے میں نے عرض کیا تھا کہ کہ ایسے پولیس کیمپس ختم کئے جائیں لیکن دیکھا یہ جارہا ہے کہ پولیس اسٹیشنس کی تعداد بڑھائی جارہی ہے ۔ یہ عوامی حکومت کے وقار کے خلاف ہے اور اس بات کا ثبوت ہے کہ عوام کی تائید آپ کو حاصل نہیں ہے۔ مجھے آنریبل ممبرس جنکی آج حکومت ہے معاف فرمائیں ۔ آج عوام جان گئے ہیں ۔ وہ آج کے مسائل سے واقف ہیں ۔ حکومت کو سوچنا چاہئیے کہ ظلم کے طریقوں سے کامیابی حاصل نہیں کیجا سکتی ۔ پولس ایکشن کے بعد ملٹری گورنمنٹ نے امن قائم کرنا چاہا۔ امن قائم نہ ہوسکا ۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ ڈیمو کریٹک طریقہ اختیار نہیں کیا گیا ۔ ہزاروں سپاھیوں اور کروڑوں روپیوں کے خرچہ کے باوجود امن قائم نہ ہوسکا لیکن آج جب عام چناؤ ہوا اور عوام یہ سمجھے کہ ہم چناؤ کے راستے سے اپنے مسائل حل کرسکتے ہیں اور اپنی مانگیں آگے بڑھا سکتے ہیں تو ہم دیکھتے ہیں کہ پچھلے چھ مہینوں کے اندر امن قائم ہوگیا ۔ اینٹی کمیونسٹ اسکیم (Anti Communist Scheme) کے ذریعہ جس فضا کو صاف کرنے کی کوشش کی گئی تھی وہ صاف نہ ہوسکی ۔ بلکہ الکشن کے ہوتے ہی حالات بہتر ہوگئے ۔ یہ صحیح ہے کہ اپوزیشن تعداد کے لحاظ سے مینارٹی ( Minority ) میں ہے لیکن ووٹس کے لحاظ سے دیکھا جائے تو اپوزیشن کو زیادہ ووٹس حاصل ہوئے ہیں ۔ ۵۸ - ۵۹ فیصد ووٹس اپوزیشن کے ہیں اور ۴۱ - ۴۲ فیصد ووٹس کانگریس کو ملے ہیں ۔ جب آپ حکومت کررہے ہیں تو آپ کو محسوس کرنا چاھئیے کہ کسطرح عوام کے مسائل حل کئے جا سکتے ہیں مسائل کو حل کرنے کا راستہ نکالنا چاھئیے ۔ اس کا طریقہ پولس رکھنا نہیں ہے۔ اسکا طریقہ یہ ہو سکتا ہے کہ کسانوں کی مشکلات حل کیجائیں ۔ آپ کس وشواس سے حکومت شروع کررہے ہیں جبکہ ہم پر چھہ بٹالین لاد رہے ہیں ۔ وعدوں کو پورا کرنے کی بجائے لاٹھیوں اور بینٹ ( Bayonet ) کا راج آپ کے بجٹ سے ظاہر ہو رہا ہے ۔ آپ کو چاھئیے کہ جمہوری طرز عمل سے ایسا وشواس پیدا کریں جو اپوزیشن کے اطمینان کا باعث ہو۔ اس کے برعکس پارٹیوں پر پابندیاں لگائی گئی ہیں ۔ ٹراونکور کوچین میں کمیونسٹوں اور دیگر اداروں پر سے پابندیاں برخواست ہو چکی ہیں لیکن ہمارے ہوم منسٹر کو ایسے سوالات کے حل کرنے کے لئے وقت نہیں ہے ۔ نظر بندوں پر پابندیاں ہیں۔ اور ہزاروں قید خانوں میں ہیں ۔ وہ لوگ جو عوام کے دشمن تھے غدار تھے وہ چھوڑ دئے جاتے ہیں لیکن ۱۰-۲۰

سال سے جو لوگ دیش کی صحیح خدمت کرتے آرہے ہیں ان کو سلاخوں کے پیچھے بند کیا جاتا ہے۔ میں کہوں گا کہ اس طریقہ کو ختم کیا جائے ۔ ایسے طریقوں سے جمہوریت رائج نہیں ہو سکتی ۔ آنریبل ممبر نے فرمایا کہ تلنگانہ میں پولیس کی چوکیاں اس لئے ہیں کہ وہاں ہتیار لئے ہوئے لوگ ادھر ادھر پھیلے ہوئے ہیں ۔ مجھے پتہ نہیں یہ خبر آنریبل ممبر کو کہاں سے ملی ہے لیکن میں یہ ظاہر کردینا چاہتا ہوں کہ کسی بھی پارٹی کا پروگرام تشدد نہیں ہو سکتا ۔ البتہ شخصی تشدد ممکن ہے لیکن کوئی عوامی پارٹی اسکی قائل نہیں ہو سکتی ۔ میں سمجھتا ہوں آج جو ہماری لڑائی ہے وہ ایک سسٹم کے خلاف ہے۔ ایک نظام حکومت کے خلاف ہے۔ یہ لڑائی ایک دو آفیسرس یا لینڈ لارڈز کے ختم کرنے سے نہیں جیتی جا سکتی ۔ اس سے سسٹم تبدیل نہیں ہو سکتا۔ اس بارے میں آنریبل ممبر کا جو خیال ہے وہ غلط فہمی پر مبنی ہے۔ اس خیال کا اظہار کیا گیا ہے کہ کمیونسٹ پارٹی پہاڑوں اور جنگلوں میں چھپی ہوئی ہے اور اپنے ہتیار واپس نہیں کرتی ۔ بہتر ہوگا کہ وہ ہتیار دے دے ۔ مجھے یہ سن کر تعجب ہوتا ہے۔ میں یہ واضح کرونگا کہ تلنگانہ میں جو لڑائی ہوئی وہ زمین کے مسئلہ پر تھی جو پولیس ایکشن کے بعد بھی جاری رہی ۔ عوام لڑتے رہے کیونکہ انکے مسائل حل نہیں کئے گئے ۔ جب پولس کے مظالم بڑھتے گئے تو وہ لوگ جنگلوں اور پہاڑوں میں چھپتے پھرے ۔ ہماری جدو جہد کے متعلق یہ کہنا کہ وہ پولس ایکشن کے بعد شروع ہوئی غلط ہے۔ بلکہ وہ فیوڈل ریجیم (Feudal regime) کے خلاف تھی ۔ ان سوالات کو حل کرنے کے لئے سیاسی نقطہ نظر سے دیکھنا ضروری ہے۔ ہندوستان میں سنہ ۱۹۴۲ع میں سنگرام ہوا ۔ اس لڑائی میں بھی ہم لڑے ۔ اس لڑائی میں کئی باتیں ہوئیں ۔ چنور کا واقعہ ہوا اس وقت بھی سرمایہ داروں کا سوال سامنے تھا ہم پر کئی طریقے سے وائیلنس ( Violence ) کے چارجز ( Charges ) لگائے گئے ۔ بہر حال میں عرض کرونگا کہ ان تمام امور کو پیش نظر رکھتے ہوئے مسائل کو حل کرنے کی کوشش کرنی چاہئے ۔ اس لئے میں ہوم منسٹر سے کہونگا کہ ان مسائل کو سیاسی طریقوں سے حل کیا جائے ۔ بٹالینس ( Battalions ) کے ذریعہ یہ مسائل حل نہیں کئے جا سکتے ۔ میں یہ عرض کرونگا کہ ہمیں تاریخ کا نیا صفحہ کھولنا ہے۔ اور آئندہ کی پالیسی متعین کرنی ہے ۔ اور سوچنا ہے کہ کس طرح آگے بڑھیں۔ اس طرح پولیس پر آپ جو خرچ کر رہے ہیں اس میں پانچ کروڑ کی بچت ہو سکے گی ۔ ہم سے تو آپ ٹرن اے نیو لیف ( Turn a new leaf ) کہتے ہیں لیکن پولیس کے اخراجات کو دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ پولیس کے اسٹیشنوں کی تعداد بڑھائی جارہی ہے۔ اور ڈی ۔ یس ۔ پی اور اے ۔ یس ۔ پی بھرتی کئے جارہے ہیں۔ پولس کے بجٹ میں سنہ ۴۵ و سنہ ۴۶ عیسوی میں ۱۷ لاکھ ۱۵ ہزار کی رقم تھی ۔ اس کے بعد جب پولیس بجٹ بننا شروع ہوا تو سنہ ۴۶ - ۴۷ ع میں یہ رقم ایک کروڑ ۱۴ لاکھ ۵۸ ہزار ہوگئی ۔ میں تفصیل میں جانا نہیں چاہتا لیکن یہ بتانا چاہتا ہوں کہ پولیس بجٹ میں کسطرح اضافہ ہوتا گیا ۔ میں نے جو امنڈمنٹ پیش کیا ہے اس میں تحریک کی ہے کہ ایک کروڑ ۳۸ لاکھ ۹ ہزار کی رقم پولیس کی مد سے کم کیجائے ۔ اس طرح عمل کیا جائے تو اس مد میں ۳۰۵ لاکھ

کی بچت ہوسکتی ہے میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں پولیس پر سالانہ ایک کروڑ سے زیادہ خرچ نہیں کرنا چاہئیے - یہ کہا جاتا ہے کہ قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے اس لئے ۱۷ لاکھ روپیے ڈیرنس الونس ( Dearness Allowance ) اور دیگر الونسس کے لئے رکھے جائیں۔ اس سوال پر فینانس کمیٹی میں غور ہوگا کہ یہ کہاں تک ضروری ہے لیکن فی الحال ۳ مہینے کے لئے ۲۰ لاکھ روپے سے زیادہ پولیس کی مد میں نہ رکھے جائیں تو مناسب ہے۔ اس لحاظ سے جو اسنڈمنٹ میں نے پیش کیا ہے اس میں ایک کروڑ ۳۸ لاکھ نوہزار روپیے کم کرنے کی تحریک ہے۔ اس رقم کو منہا کرنے کے بعد ۲۰ لاکھ روپیے بچتے ہیں - اسطرح اسنڈمنٹ آپ کے سامنے ہے آپ اسپر غور فرمائیں -

دوسرا اسنڈمنٹ جسے میں نے پیش کیا ہے وہ ۴۷ مسلینیس ڈپارٹمنٹس ( 47.—Miscellaneous Departments ) کے بارے میں ہے جو عام امور سلکت کے تحت آئیگا - اسنڈمنٹ یہ ہے کہ :—

"I beg to move the amendment that the estimated expenditure under head 47-Miscellaneous Departments be reduced by a sum of not less than Rs. 100 and therefore, for the figure under the above head, the figure of Rs. 22,91,900 be substituted."

بجٹ کے اس ایٹم کے تحت جو محکمے - راشننگ - سپلائی - فائر سرویس اور آئرن اینڈ اسٹیل کنٹرول وغیرہ ہیں اس میں کمی کے لئے یہ اسنڈمنٹ اس غرض سے پیش کیا گیا ہے کہ ٹریژری بنچز یہ محسوس کریں کہ اس وقت عوام کیا چاہتے ہیں اور اس پولیس بجٹ کی نسبت ان کی کیا رائے ہے - ہم یہ چاہتے ہیں کہ اس مسئلہ پر بحث ہو - پہلے میں لیبر ڈپارٹمنٹ کو لیتا ہوں اور یہ بتانا چاہتا ہونکہ یہ ڈپارٹمنٹ مزدوروں کی بھلائی کے لئے ہے لیکن آج مزدوروں کی کیا حالت ہے انکی تنظیم کا کیا حال ہے اور حکومت کا رویہ کیا ہے - پولیس ایکشن کے بعد کئی جگہ سرمایہ داروں کا ساتھ دیکر مزدوروں کو دبانے کی اس بہانے سے کوشش کی گئی کہ کمیونسٹوں کی مسلح جدوجہد کا ڈر ہے۔ حالانکہ وہاں ایسی کوئی تنظیم نہیں تھی - مثال کے طور پر میں آپ کے سامنے اورنگ آباد ٹکسٹائیل ملز کو پیش کرنا چاہتا ہوں - پولیس ایکشن کے بعد اس مل کے کئی مزدوروں کو من مانے نظر بند کیا گیا - مخدوم کو گرفتار کیا گیا - انکے ساتھیوں کو گرفتار کیا گیا - مجھے بھی جیل میں رہنے کا آنر حاصل ہوا ہے - اس کا فائدہ مل کے مالک نے اٹھایا مزدوروں کی تنظیمیں توڑدی گئیں - پہلے اس مل میں دو ہزار مزدور کام کرتے تھے - اب صرف ساڑھے سات سو مزدور کام پر ہیں - حالت یہ ہے کہ ایک ایک مزدور کو چار چار سانچے چلانے پڑتے ہیں - صنعتی عدالت میں جب یہ مسئلہ پیش ہوتا ہے تو وہ بھی کوئی مناسب فیصلہ نہیں کرتی - اورنگ آباد ٹکسٹائیل مل کے مالک تو بڑے آدمی ہیں - وہ کانپور کے بڑے سیٹھ ہیں اور انکی رسائی دور دور تک ہے - جب آنریبل منسٹر وہاں آئے تھے تو مخدوم نے جنہیں چھوٹے ہوئے دس بارہ روز ہوئے تھے انہیں توجہ دلائی - اس بارے میں ٹریڈ یونین کانگریس نے بھی رزولیوشن پاس کیا اور ریپرزنٹیشن

( Representation ) بھی کیا گیا لیکن مل کے مالک نے غلط باور کروا دیا کہ مخدوم کی رہائی سے امن کے حالات ختم ہوجائینگے ۔ یہ بات قابل غور ہے کہ مل کے مالک کی ایک معمولی چٹھی پر اس بیچارے کو مکرر گرفتار کرلیا گیا ۔ جس طرح مل کے مالک کو اپنا کار خانہ چلانے کا حق حاصل ہے اسی طرح اگر مزدور یہ محسوس کریں کہ انہیں اپنے حقوق مناسب طور پر نہیں مل رہے ہیں تو انہیں بھی جمہوری اصولوں کے تحت اس کا حق حاصل ہے کہ اسٹرائیک کریں ۔ اس حق کو دنیا کے مزدوروں نے سو سال لڑکر حاصل کیا ہے لیکن آپکی حکومت اس حق کو دبانا چاہتی ہے ۔ تلنگانہ کی جدوجہد کو آپ نے تشدد کہکر دبانے کی کوشش کی ۔ میں مانتا ہوں کہ اس کی کامل ذمہ داری موجودہ حکومت پر نہیں ۔ لیکن اس سے پہلے کی حکومت میں بھی تو موجودہ حکومت کے چار منسٹرس شریک تھے ۔ اس زمانے میں جو کچھ ہوا وہ تو ہوچکا لیکن اب تو حالات تبدیل ہوچکے ہیں اس لئے سابقہ رویہ میں تبدیلی کی ضرورت ہے ۔

حال ہی کے شاہ آباد اسٹرائیک کو لیجئیے میں غیر صحیح بات آپکے سامنے رکھنا نہیں چاہتا ۔ شاہ آباد میں مزدوروں کی یونین کے جنرل سکریٹری جب رہا ہوئے تو اس کے بعد مزدور یہ چاہتے تھے کہ ان کی یونین کو رجسٹر کیا جائے لیکن ہوا یہ کہ رجسٹریشن میں طرح طرح کی رکاوٹیں پیدا کی گئیں ۔ مزدوروں نے اپنے مطالبات لیبر منسٹر کے سامنے رکھے لیکن ان کے مسائل حل نہیں کئے گئے ۔ ہمارے آنریبل لیبر منسٹر جو ایک زمانہ میں نظامس اسٹیٹ ریلوے یونین کے صدر رہ چکے ہیں وہ مزدور تنظیم سے ناواقف نہیں ہیں لیکن افسوس ہے کہ وہ بھی اپنی مجبوری ظاہر کرتے ہیں ۔ شاہ آباد کا جو اسٹرائیک ہوا اس کی اصل وجہ یہ تھی کہ مزدور صرف یہ چاہتے تھے کہ انکی یونین کو رجسٹر کیا جائے ۔ انکی یونین کے آفس بیررس ( Office bearers ) کو اس کا موقع دیا جائے کہ اگر کسی مزدور کو زد و کوب کیا جائے تو اس کی طرف سے میانیجمنٹ ( Management ) سے مل کر کہیں کہ یہ عمل غلط ہے ۔ ہم ان کی نمائندگی کرتے ہیں ۔ ظاہر ہے یہ ایک سیدھا سادھا حق ہے جو مانگا گیا ہے ۔ عثمان شاہی ملز اور اعظم جاھی ملز کے دستور کی دفعات ۲۲ و ۲۰ میں صاف صاف کہا گیا ہے کہ مزدور کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنی نمائندگی کرے لیکن شاہ آباد ملز کے مینیجمنٹ کی شان اتنی بڑھی ہوئی ہے کہ حکومت ان کے سامنے جھکتی ہے اور لیبر ڈپارٹمنٹ سیدھی بات منوانے کے لئے بھی خود کو مجبور پاتا ہے ۔ خیر میں مانتا ہوں کہ وہ تو بڑے آدمی ہیں جن کے کار خانے ھندوستان بھر میں ہیں لیکن آپ جو مزدوروں اور کسانوں کی طرف سے حکومت کررہے ہیں ایک سیدھی سادھی بات جب آپکے سامنے پیش کیجاتی ہے تو اپنے آپ کو مجبور ظاہر کرتے ہیں ۔ البتہ جب آپ سے پولیس کا مطالبہ کیا جاتا ہے تو آپ انکار نہیں کرتے ۔ شاہ آباد میں جب ہوم منسٹر آئے تھے اسوقت میں بھی وہاں موجود تھا ۔ میں نے کہا کہ مزدور امن کے ساتھ اسٹرائیک کررہے ہیں ۔ اسکے باوجود تین بجے جب میں وہاں پہنچا تو معلوم ہوا کہ ٥ بجے سے کرفیو نافذ کردیا گیا ہے ۔ میں وہاں

تقریربھی نہ کر سکا ۔ جب میں وھاں کے ڈپٹی کلکٹر سے ملا تو انہوں نے بمشکل مجھے کمپاؤنڈ ھی میں آدہ گھنٹہ تقریر کی اجازت دی ۔ گو دفعہ ۱۴۴ نافذ کرنے میں ناانصافی سے کام لیا گیا لیکن ھم نے اسکو بھی مانا ۔ ھم امن سے کام کرتے رہے ۔ اسکے بعد لاٹھی چارج ھوا ۔ فائرنگ بھی کی گئی ۔ مزدور ارسٹ ( Arrest ) بھی کئیے گئیے لیکن امن کے ساتھ اسٹرائیک چلتا رھا ۔ کیا آپ مزدوروں کے ھڑتال کے حق کو چھین سکتے ھیں اگر ایسا سمجھتے ھیں تو یہ آپ کی غلط فہمی ھے ۔ دنیا کے مزدوروں نے جو حق لڑکر حاصل کیا ھے اس کو بندوق سے چھینا نہیں جاسکتا ۔ فیسیزم ( Fascism ) میں ھٹلرنے اس کی کوشش کی تھی ۔ اگر اب بھی یہ کوشش کیجائے تو رائیگاں جائیگی اس لئے اسکو ترک کرنا چاھئیے ۔ میں نے ھوم منسٹر پر یہ واضح کردیا تھا کہ مل کا مالک تو ایک بنیا ھے اگر دو مہینے مل بند کردی جائے تو اس کا دس لاکھ روپیہ کا نقصان ھوگا جسکو وہ گوارا نہ کریگا اسطرح پندرہ بیس دن میں معاملہ ٹھیک ھو جائےگا ۔ ھم کہتے ھیں کہ مل کے مالک کو مجبور کیا جائے کہ وہ مطالبات کو مان لے یا آپ مل کے مالک کو پولیس کی مدد نہ دیں ۔ میں لیبر کمشنر سے بھی ملا ۔ انہوں نے وعدہ کیا کہ ھمارے مسائل پر ھمدردانہ غور کرینگے لیکن یہ جواب تو ھم دس سال سے سنتے آرھے ھیں ۔ میں نے جو امنڈمنٹ پیش کیا ھے وہ اسی پس منظر کو لئے ھوئے ھے تاکہ یہ سب واقعات ھاؤز کے سامنے لائے جائیں ۔ آپ کی لیبر پالسی غلط ھے ۔ مزدوروں اور کسانوں کے مطالبات پر آپ کو ٹھیک طور پر غور کرنا ھوگا ۔ بٹالین قائم کرنے سے یہ مسائل حل نہیں ھو سکتے ۔ ھم خود یہ چاھتے ھیں کہ ملک کی دولت بڑھے ۔ صنعت بڑھے اور فیکٹریز میں اضافہ ھو ۔ ھمیں یہ بھی معلوم ھے کہ ھمارے سرمایہ دار اور کارخانہ دار کو باھر کی صنعت کا مقابلہ کرنا پڑتا ھے ۔ ھم وعدہ کرتے ھیں کہ غریب مزدور ملک کے سرمایہ داروں کا ساتھ دینے کے لئے تیار ھونگے تاکہ سامراجی پنجہ سے چھٹکارا ملے ۔ لیکن ساتھ ھی آپ کو بھی یہ سمجھنا چاھئیے کہ بھوکا انسان کام نہیں کر سکتا ۔ مہنگائی بھتہ اب تک بڑھایا نہیں گیا ھے ۔ عثمان شاھی ملز کے مزدور صنعتی عدالت میں رجوع ھوئے لیکن صنعتی عدالت کا قانون تو ایک پنجرہ ھے جس سے باھر نکلنا مشکل ھے ۔

مسٹر اسپیکر ۔ میں دیشپانڈے صاحب کو ان کا وعدہ یاد دلانا چاھتا ھوں جوانہوں نے تقریر شروع کرتے وقت کیا تھا کہ تقریر لمبی نہیں ھونے دونگا ۔ میں انہیں روکنا نہیں چاھتا لیکن ابتک ۴۰ منٹ ھوچکے ھیں ھاؤز کے ٹائم کا لحاظ رکھنا ضروری ھے ۔

شری ۔ وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے ۔ مجھے افسوس ھے کہ میں نے ھاؤز کا کافی وقت لیا لیکن ابھی چند امور ایسے ھیں جنہیں بیان کرنا ضروری سمجھتا ھوں ۔

میں عثمان شاھی ملز کے مزدوروں کا ذکر کررھا تھا - انہوں نے اپنے مطالبات کے لئے ایک مہینے کی نوٹس دی - لیکن ٹال مٹول کیا گیا - مجبوراً انہوں نے یہ نوٹس دی کہ ۲۰ دن کے بعد اسٹرائیک کرینگے - انکی اس کارروائی کو اللیگل ( Illegal ) قراردیا گیا ان کے حق کو تو کوئی نہیں دیکھتا - میں تو یہ کہونگا کہ اسٹرائیک پرجو پابندی لگائی گئی وہ خود اللیگل ( Illegal ) ھے - قانون نظر بندی خود اللیگل ھے - مزدور کے جائز حقوق پر پابندیاں نامناسب ھیں - لہذا میں لیبر منسٹر سے یہ عرض کرونگا کہ وہ ان امور پر غور کریں جن کا انہوں نے وعدہ کیا تھا - اور کنسٹرکٹیو ( Constructive ) اور ریزن ایبل ( Reasonable ) طریقہ سے ان مسائل کو حل کرنے کی کوشش کریں- لیبر ڈپارٹمنٹ سے اسٹرائیک کے حق پر کوئی پابندی نہ لگائی جائے - اسپیشل صنعتی عدالت کو اسطرح تشکیل دیا جائے کہ وہ مزدوروں کو جانور نہ سمجھے میں بھی ایل ایل بی ھوں اگرچیکہ پریکٹس نہیں کرتا - مزدوروں کے مسائل کو آپ نے اسقدر پیچیدہ بنادیا ھے کہ اس کا سمجھنا مشکل ھے- مزدور کو ایک پلیڈر رکھنا پڑتا ھے- مزدور یہ چاھتے ھیں کہ ڈیرنس الونس (Dearness Allowance) بونس -یونین کی رجسٹری - یونین کی منظوری جیسے اھم مسائل صحیح طریقے پر حل ھوں - تخفیف کی پریشانیوں سے مزدوروں کو نجات دلائی جائے - نیشنلائیزیشن ( Nationalisation ) کے نام پر آپ مزدوروں سے تعاون چاھتے ھیں تو انہیں سیکیوریٹی آف سرویس (Security of service) دیجئے اور ان سے نیشنل سرویس لیجئے لیکن آپ تو سیکیوریٹی آف سرویس نہیں دینگے - ایک ایک مزدور سے چار چار سانچے چلانے کا مطالبہ کرینگے اور اس سے یہ توقع کرینگے کہ وہ نیشنل سرویس انجام دے- ھمارے آفس میں روزانہ سو سو آدمی آتے ھیں اور کہتے ھیں کہ انہیں بیروزگار کردیا گیا ھے- انہیں نوکری چاھئے - مختلف محکموں میں تخفیف کیجارھی ھے - علحدہ کردہ مدرسین کا سوال الگ ھے- ھمیں ان مسائل پر اسطرح سوچنا چاھئے جسطرح ایک کنبہ کے ھر ممبر کے لئے سوچا جاتا ھے- ھر انسان کی روزی کا سوال سامنے رکھکر سوچنا چاھئے - اس انداز سے ھماری پالیسی چلے تو بہتر ھوگا - اس وقت بیروزگاری کا سوال بہت اھم ھے- اس کے متعلق پہلے سوچنا ضروری ھے- میں عرض کرونگا کہ اس کے لئے پولیس بجٹ کو ختم کیا جائے جاگیرات کے معاوضہ کو ختم کیا جائے - پولیس کی مد میں کمی سے آپ کو چار کروڑ کی بچت ھوسکتی ھے- اسکے علاوہ ڈیڑھ کروڑ جاگیرات سے اور صرفخاص سے ۵۰ لاکھ- اسطرح جملہ ۶ کروڑ روپیہ کی بچت آپ کے موازنہ میں ھو سکتی ھے- ابھی تو ھمارے سامنے اگریکلچرل ٹیکس ( Agriculture tax ) کی کوئی اسکیم نہیں ھے- ابھی یہ آپکے زیر غور ھے- آپ کہتے ھیں زمینداروں کا مسئلہ بغیر کمپنزیشن ( Compensation ) کے حل نہیں ھو سکتا - میں کہونگا کہ بڑے بڑے زمینداروں سے اگریکلچرل ٹیکس لیکر آپ کوئی بہتر حل نکال سکتے ھیں اور اسطرح فوری طور پر بیروزگاری کے مسئلہ کو حل کیا جا سکتا ھے- آپ طے کر سکتے ھیں کہ پولیس بجٹ کو ختم کرکے کسطرح مزدوروں کے مسائل کو سلجھایا جاسکتا ھے- بہر حال آپ کے ھاتھ میں باگ ڈور ھے- آپ کو پہلی مرتبہ حکومت کرنے کا موقع ملا ھے- آپ کے

ساتھ ایک اڈوائیزر بھی ہے۔ میں صرف یہ عرض کرونگا کہ کنسٹرکٹیو ( Constructive ) طریقہ پر مسائل حل کئے جائیں۔ پولیس راج کو ختم کیا جائے۔ جمہوری راج قائم کیاجائے عام رھائیاں عمل میں لائی جائیں ۔ مسائل جلد سے جلد حل کئے جائیں ۔ اس طریقہ سے بڑے بڑے مسائل حل ھو سکتے ھیں ۔ میرا یہ امنڈمنٹ اسی سلسلہ میں ہے۔ ان چند الفاظ کے ساتھ میں رخصت ھوتا ھوں ۔

*The Hon'ble Shri B. Ramkrishna Rao* (Chief Minister) : I do not know, Sir, whether you are going to extend the time for discussion today by another hour. If this is possible, I would request you, Sir, to give me an opportunity for participating in the discussions. I have so far refrained from doing so because I wanted to hear all arguments put forth by the Hon'ble Members of the opposition in support of their amendment motions as also their general views on the Budget. I would like to give a general reply to the discussions at this stage, firstly, because I had not opportunity yesterday or the previous day of participating in the discussions and, secondly, because I feel that if I make a general statement and express my views on the roving discussion that is taking place, with your permission, if I may call it so it will help to clarify a lot of matters and I am quite sure that it will also help the Hon'ble Members of this House to arrive at some definite conclusion in regard to the amendments tabled by the Hon'ble Members of the opposite side. That is why I am requesting you, Sir, if possible to extend the time for discussions by another hour, so that I may be able to cover all the points, raised by the Hon'ble Members of the opposition. It is extremely necessary to do so because they have raised several important points in the course of discussions, which pertain to policies, but to very many other things and the discussions have been so wide in range that the Government feel it absolutely necessary to give a very comprehensive reply to them.

*Mr. Speaker :* I Think, I said that today we will rise at 5 p.m.

*The Hon'ble Shri B. Ramakrishna Rao* (Chief Minister) : That is why I was requesting you, Sir, to take a decision whether you would like to extend the time today or fix it for tomorrow.

مسٹر اسپیکر۔ میں سمجھتا ھوں ڈسکشن ( Discussion ) کےلئے کافی موقع دیا جانا ضروری ہے۔ میں ھاؤز سے یہ معلوم کرنا چاھتا ھوں کہ ھم آدہ گھنٹے کے لئے ھاؤز برخواست کرکے ساڑھے پانچ بجے پھر ری اسمبل ( Re-assemble ) ھوں یا مسلسل ساڑھے چھ بجے تک بیٹھیں ۔ جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے ۲۹ تاریخ

تک فینانشیل کام ختم ہو جانا چاہئے - کل دو بجے کے بعد بھی ہم بیٹھ سکتے ہیں - پھر جو ھاؤز کا منشا ہو۔

شریمتی شاھجہان بیگم (پرگی) - جب آج رات کے آٹھ بجے تک یہ چیز ختم نہیں ہو سکتی اور تین چار گھنٹے لینے ہی ہیں تو کیوں نہ ان مباحث کو کل پر رکھیں -

شری جی - سری راملو (منتھنی) - میری یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ آنریبل ممبرس وقت کے بارے میں کیوں لڑ رہے ہیں - یہاں پر ہم کام کرنے کے لئے آئے ہیں - میں دیکھ رہا ہوں کہ دو تین گھنٹے کام کرتے ہی یہ کہکر کہ ہم تھک گئے ہیں اجلاس برخواست کروایا جاتا ہے - اس کا خیال نہیں کیا جاتا کہ ہم کو سوں اور میلوں سے یہاں آئے ہیں - افسروں کی طرح سے بہتہ گھٹ کرنے کے لئے نہیں - آپ ہمیں دو گھنٹے کھانے کے لئے دیدیں - ہم پورا دن ڈسکشن (Discussion) کے لئے تیار ہیں - اب وہ زمانہ نہیں رہا کہ ہم کام سے پیچھے ہٹیں - ہمیں دیش کی سیوا کرنا چاہئے -

شری شرن گوڑہ (جیورگی - اندولہ) - میں سمجھتا ہوں آدہ گھنٹہ کے وقفہ کے بعد پھر بحث شروع کیجائے تو مناسب ہے - جو امنڈمنٹس آئے ہیں ان پر مجموعی طور پر بحث کرنے کی ضرورت ہے - اس کے لئے کافی وقت لگےگا - کئی آنریبل ممبرس اپنے خیالات کا اظہار کرنا چاہتے ہیں گڑبڑ سے بجٹ پاس کرالینا جدا ہے - اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ مناسب نہیں - یہ پہلا موقعہ ہے کہ بجٹ عوام کے نمایندوں کے سامنے پیش کیا گیا ہے - اس پر کافی غور ہونا لازمی ہے - کل بھی ڈسکشن کے لئے دو بجے سے سات بجے تک کا وقت مقرر کرنا مناسب ہوگا اس لئے میں اسپیکر صاحب سے استدعا کرتا ہوں کہ آنریبل ممبرس کو جنرل ڈسکشن کے لئے کافی موقع دیا جائے -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - بہت سے اہم سوالات ھاؤز کے سامنے آئے ہیں - حکومت کی پالیسی کے اظہار کے لئے ایک بھاشن ہونا ضروری ہے - میں بھی یہ محسوس کرتا ہوں کہ ایسا موقع دیا جانا مناسب ہوگا - یہ جو الگ الگ امنڈمنٹس آئے ہیں اس بھاشن کی روسے ان کے لئے ایک بیک گراؤنڈ تیار ہوگا - ھاؤز کو پتہ چلےگا کہ آج حکومت کس انداز سے چلنے والی ہے - اسی لحاظ سے امنڈمنٹس کے بارے میں سوچا جاسکتا ہے - اس لئے یہ مناسب ہوگا کہ آج آنریبل چیف منسٹر تقریر کریں اس کے بعد ہم اڈجورن (Adjourn) ہوجائیں - پھر کل انکی تقریر کی روشنی میں اپنے امنڈمنٹس کے بارے میں خیالات ظاہر کریں - ہمارے سامنے جو بجٹ آیا ہے اس کے بارے میں ہم بہت اچھی طرح سوچ سکینگے - عجلت کی ضرورت نہیں -

شری لکشمن کونڈا (آصف آباد - عام) - شری اسپیکر جی - میں ونتی کرونگا کہ مسائل اہم ہیں - ڈسکشن کے لئے کافی موقع دیا جانا چاہئے - جیسا کہ بعض آنریبل ممبرس نے کہا آدہ گھنٹہ کا وقفہ دیاجانا چاہئے اور اس کے بعد چیف منسٹر کو تقریر کرنے کا موقع دیا جائے -

یہ ہو سکتا ہے لیکن میں کہونگا کہ کسی ممبر کا یہ خواہش کرنا کہ آنریبل چیف منسٹر کو ہی موقع دیا جائے اس سے مس انڈر اسٹانڈنگ ( Misunderstanding ) ہوسکتی ہے۔ ہر ممبر یہ خواہش کر سکتا ہے کہ اسکو پہلے موقع دیا جائے ۔

*Mr. Speaker :* This is quite irrelevant.

*The Hon'ble Dr. G. S. Melkote* (Finance Minister): Mr. Speaker, Sir, one of the Hon'ble Members just happened to make a reference that we have assembled here in order to transact business. It is perfectly correct. I do not know if any Hon'ble Member on this side ever expressed a desire that we should cut short the discussions. I hope not. I would like to make it very clear that we have assembled here for work and that we are prepared not only to sit for 24 hours, but even for 28 hours, if necessary (Cheers from the Treasury Benches). I hope such reflections on the Hon'ble Members will not be made hereafter.

مسٹر اسپیکر - اب ہم برخاست کرتے ہیں - ساڑھے پانچ بجے ہم پھر جمع ہونگے اور کب تک بیٹھینگے اس کا فیصلہ بعد میں کرینگے ۔

The Assembly then adjourned for recess till Half past Five of the clock.

---

The Assembly re-assembled at Half past Five of the clock. Mr. Speaker (The Hon'ble Shri Kashinath Rao Vaidya) in the Chair.

مسٹر اسپیکر - آنریبل شری بی - رام کشن راؤ چیف منسٹر تقریر فرمائینگے ۔

*The Hon'ble Shri B. Ramakrishna Rao* (Chief Minister): Speaker, Sir, before I begin to deal with the several amendments that have been proposed by the Hon'ble Members of the opposition I would like to make some general observations on the discussion that took place so far.

ایک آنریبل ممبر - بہت سے ممبرس ایسے ہیں جو انگریزی نہیں جانتے اس لئے مناسب ہوگا کہ آنریبل چیف منسٹر اپنی تقریر کسی ایسی زبان میں فرمائیں جو سب کی سمجھ میں آسکے - میں سمجھتا ہوں کہ ہندوستانی زبان میں تقریر ہو تو سب سمجھ سکیں گے ۔

مسٹر اسپیکر - میں کسی خاص بھاشا میں بھاشن دینے کی قید نہیں لگا سکتا ۔ آنریبل ممبر اسی بھاشا میں تقریر کررہے ہیں جسکو ہم نے رکگنائیز ( Recognise ) کیا ہے۔

ایک آنریبل ممبر - ابھی ھاؤز میں بہت سے لوگ نہیں آئے ھیں - میں سمجھتا ھوں کہ پانچ منٹ کا موقع دیا جائے تو سب لوگ جمع ھو جائینگے -

مسٹر اسپیکر - مجھے افسوس ھے - انتظار کا موقع نہیں دیا جاسکتا -

*The Hon'ble Shri B. Ramakrishna Rao* (Chief Minister) : I believe, Sir, some of the Hon'ble Members desire that I should speak in Hindustani. That seems to be the demand. I see many Hon'ble Members of the opposition rising up, just as one of the Hon'ble Members of the Congress Party aslo rose up, and, I believe, it is their desire that I should speak in Hindustani. If you permit me, Sir, I shall do so. You just now said that it was not your desire to impose any restriction on the language in which any Hon'ble Member wants to speak. I can certainly change the medium of my expression into Hindustani, if I have your permission, Sir.

*Mr. Speaker* : Yes, if the Hon'ble Members so desire.

آنریبل شری بی - رام کشن راؤ ( چیف منسٹر ) - مجھے یہ محسوس ھوا کہ کئی آنریبل ممبرس کی یہ خواھش ھے کہ میں انگریزی کے بجائے ھندوستانی زبان میں اپنے خیالات کا اظہار کروں - اس لئے میں نے جناب کی اجازت مانگی اور جناب نے مجھے اجازت دی جس کا میں شکرگذار ھوں - -

اسٹمنٹس کے سلسلے میں جو تجاوز پیش کی گئی ھیں انکے بارے میں کچھ عرض کرنے سے پہلے میں بجٹ پر ان جنرل ریمارکس کی نسبت کچھ عرض کرونگا جو گذشتہ اجلاسوں میں اپوزیشن کے چند آنریبل ممبرس اور دوسرے ممبرس کی جانب سے کئے گئے ھیں - میں اسکی ضرورت اس وجہ سے محسوس کرتا ھوں کہ بعض آنریبل ممبرس نے صحیح طور پر یہ ریمارک کیا تھا کہ آج جن منسٹرس پر گورنمنٹ مشتمل ھے ان میں سے (۴) منسٹرس پچھلی گورنمنٹ کے بھی ارکان تھے انہوں نے اس بجٹ کو تیار کیا ھے جس کو آج کی منسٹری اس ھاؤز کے سامنے پیش کررھی ھے - اس میں شک نہیں کہ اس منسٹری کے (۴) ممبرس پچھلی منسٹری میں شامل تھے - میں ان لوگوں میں سے نہیں ھوں جو یہ کہتے ھوں کہ پچھلی منسٹری چونکہ مخلوط منسٹری تھی اسکے کارن ھم چاروں پر ذمہ داری نہیں ھے - جس قدر اور جتنی ذمہ داری اس کمپوزٹ منسٹری ( Composite Ministry ) کے ارکان ھونے کی حیثیت سے ھم پر عائد ھوتی ھے نہ صرف لیگلی ( Legally ) بلکہ فیاکچوالی ( Factually ) ھم قبول کرنے کے لئے تیار ھیں - اور اس ھاؤز میں یہ تسلیم کرتے ھیں کہ اس بجٹ کی تیاری میں ھمارا ضرور سہیوگ تھا - اس بات کی وضاحت نہ صرف فینانس منسٹر نے کی ھے بلکہ ھندوستان

کے دستور سے بھی اس کا اظہار ہوتا ہے - پچھلی حکومت نے اس بجٹ کو جس بیسس ( Basis ) پر تیار کیا ہے اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ نئے ٹیکسس کا بوجھ نہ لادا جائے - کیونکہ گورنمنٹ نے فیصلہ کیا تھا کہ اس وقت کے حالات کے مد نظر بجٹ تیار کیا جائے - چنانچہ اسی لحاظ سے بجٹ تیار کیا گیا ہے - پچھلی گورنمنٹ نے جس میں چار کانگریسی وزراء شامل تھے اس اصول کو تسلیم کیا تھا کہ نئے بلز اور ٹیکسس کے بارے میں کوئی تصفیہ نہ کیا جائے - اسکی وجہ صرف یہ تھی کہ پچھلی گورنمنٹ نے یہ مناسب سمجھا کہ اب جبکہ الکشن ہوچکے ہیں اور عوامی حکومت وجود میں آنے والی ہے اس نئی گورنمنٹ کو اور اس اسمبلی کو جس کے چند ارکان نئی گورنمنٹ کے ممبر ہونگے نئی پالیسی کےلئے کھلا چھوڑ دینا چاہئے - پچھلے حالات کو نظر میں رکھتے ہوئے وہ بجٹ تیار کیا گیا جو آپ کے سامنے پیش ہے - جب ہمارے دوست فینانس منسٹر نے بجٹ کے متعلق یہ کہا کہ یہ گلومی پکچر ( Gloomy picture ) ہے تو اس پر ہمارے بعض دوستوں نے تنقیدیں کیں - یہ گلومی پکچر ان معنوں میں ہے کہ گذشتہ چند سالوں کے معاشی بحران کی وجہ سے فینانس پر جو برا اثر پڑا اسکی وجہ سے وہ گلومی پکچر ضرور ہے لیکن وہ گلومی پکچر ان معنوں میں نہیں ہے کہ اس میں سلور لائیننگ ( Silver lining ) نہیں - اگر وہ روزی پکچر ( Rosy picture ) پیش کرتے تو وہ انفیتھفل ( Unfaithful ) ہوتا اور دنیا بھر کی تنقیدیں ہوتیں - یہ حقیقت ہے کہ گذشتہ چند سالوں سے حیدرآباد کی حکومت کا فینانشیل پوزیشن اس طرح کا ہوگیا ہے کہ اخراجات کے اضافہ کے تناسب سے آمدنی میں اضافہ نہیں ہوا - اس طرح گلومی پکچر کی صورت پیدا ہوگئی ہے - جیسا کہ آنریبل ممبر کلوا کرتی نے کہا کہ ہمارا "آج" "کل" کا نتیجہ ہے اور اسی "آج" سے ہمیں آئندہ "کل" کو بنانا ہے - اس لئے یہ بجٹ اس کا عکس ہے - اس بجٹ کو آنریبل ممبرس آف آپوزیشن نے کئی نام دئے ہیں - کسی نے کہا کہ یہ "لینڈلارڈ بجٹ" ( Landlord Budget ) ہے - کسی نے کہا کہ یہ "آصفجاہی بجٹ" ہے - کسی نے کہا کہ یہ "مغل شاہی بجٹ" ہے کسی نے کہا کہ یہ "پولس بجٹ" ہے کسی نے کہا کہ یہ "لائق علی بجٹ" ہے - کسی صاحب نے کچھ نام دیا اور کسی نے کچھ - غرض یہ نام اپی تھٹس ( Epithets ) ضرور تھے مگر میں ان کی وجہ سے بیقرار نہیں ہوں - یہ تو پارلیمنٹری کاروبار کے جزو ہیں - جب کوئی آپوزیشن پارٹی بجٹ پر بحث کرتی ہے تو اس کو سزاوار ہے کہ وہ ایسے نام دے - ہمارے دوستوں نے نہ صرف ایسے نام دئے بلکہ بعض باتیں ایسی کہی ہیں جن کا جواب دینا لازمی ہے - اس نوبت پر میں اپنے آنریبل دوستوں کو مبارکباد دیتا ہوں کہ انہوں نے جنرل ڈسکشن کے وقت اپنے ٹون ( Tone ) کو اونچی سطح پر رکھا اس مبارکباد کے ساتھ ساتھ میں ایک چیز کی طرف اشارہ کرنا ضروری سمجھتا ہوں جسکی طرف عالی جناب نے بھی اشارہ کیا تھا - بہتر ہوتا اگر آنریبل ممبرس آف اپوزیشن نے اس روز وہ رویہ اختیار نہ کیا ہوتا جبکہ ہاؤز میں راج پرمکھ کا اڈریس ہوا تھا - میں اس پر زیادہ زور دینا نہیں چاہتا لیکن اتنا کہنے پر مجبور ہوں کہ وہ ایک ایسی

غیرضروری چیز تھی جس کو عالی جناب نے صحیح طور پر ان کانسسٹنٹ (Inconsistent) بتا یٔ کم از کم میری نظر میں یہ عمل ان کانسٹی ٹیو شنل ( Unconstitutional ) ھے اگر وہ رویہ اس روز اختیار نہ کیا جاتا تو بہتر ہوتا - لیکن جو وجہ اس کے لئے انہوں نے بتائی وہ خود ایسی تھی کہ اس سے کانسٹی ٹیوشن پر کاری ضرب لگ سکتی ھے - راج پرمکھ اپنا ایک کانسٹی ٹیوشنل فرض ادا کررھے تھے - کانسٹی ٹیوشن کے بموجب راج پرمکھہ اس کا ایک کمپوننٹ ( Component ) پارٹ ھیں - اس روز جو غیر ضروری ان سیویلیٹی (Uncivility ) برتی گئی وہ ایسی ھے جسکو ناپسندیدہ نگاھوں سے دیکھا جانا چاھئے - ذاتی نقطہ نظر سے میں سمجھتا ھوں کہ اس کے متعلق نا پسندیدگی کا اظہار کیا جائے مجھے یقین ھے کہ آنریبل دوست بھی اس عمل کو ایک پرنسپل ( Principle ) نہ مانینگے - کیونکہ ھر سشن میں راج پرمکھہ کا اڈریس ھونا لازمی ھے - جو ناخوشگوار واقعہ گذرا ھے مجھے یقین ھے کہ وہ پہلا اور آخری ھوگا اور آئندہ اسے ریپیٹ ( Repeat ) نہ کیا جائیگا - مجھے اس کا یقین ھے کہ آنریبل ممبرس آف اپوزیشن بھی وھی پارلمینٹری روایات قائم کرنا چاھتے ھیں جو اس جانب کے ممبرس چاھتے ھیں - اصولا اس میں کوئی فرق نہوگا - اگر وہ آئندہ اس کو ملحوظ رکھیں تو میں سمجھتا ھوں کہ اچھے روایات قائم ھونگے - بجز اس واقعہ کے جسکا میں نے ابھی ذکر کیا ھے ھمارے اپوزیشن کے دوستوں نے اپنے مباحث کی سطح کو بلند رکھا جس کے لئے میں انہیں مبارکباد دیتا ھوں -

اب میں بجٹ کے جنرل ڈسکشن اور اس سے متعلق پیش کئے ھوئے امنڈمنٹس کے اھم مباحث پر تبصرہ کرنا چاھتا ھوں - سب سے زیادہ زورجس چیز پر دیا گیا وہ یہ تھی کہ یہ " پولس بجٹ " ھے اور اس کو ثابت کرنے کی کوشش کی گئی ھے کہ یہ واقعی " پولس بجٹ " ھے - جو امنڈمنٹس پیش کئے گئے ھیں ان سے اس رجحان کا پتہ چلتا ھے کہ پولس کے لئے جو پراویژن ( Provision ) رکھا گیا ھے اس میں کمی کی جائے - بحث کے دوران میں آنریبل ممبرس آف اپوزیشن نے بہت سی چیزیں بتائی ھیں اور جیسا کہ ان کا حق ھے انہوں نے اپنے پوائنٹ آف ویو ( Point of view ) سے یہ ظاھر کرنے کی کوشش کی کہ گذشتہ دو تین سال سے حیدرآباد کی حکومت نے پولس کے اخراجات میں اضافہ کیا ھے - انڈین یونین کے دیگر اسٹیٹس سے پولس بلائی گئی - آندھرا مہاسبھا یا کمیونسٹ پارٹی سے تعلق رکھنے والے چند لوگوں کے مقابلے میں حکومت نے جو کارروائی کی اس پر بھی تنقید کی گئی - ساری تقریروں میں جوراگ الاپا گیا وہ یہ تھا کہ ساری لڑائی جو کمیونسٹوں سے منسوب کی گئی ھے در اصل کسانوں کی لڑائی تھی جو زمینداروں کے مقابلہ میں تھی - اس لڑائی کو میگنی فائی ( Magnify ) کرکے حیدرآباد کی حکومت نے ناجائز طور پر فوج اور پولس کے ذریعہ دبانے کی کوشش کی اور پولس کو اکٹھا کرکے پبلک کے روپیے کو ضائع کیا - یہ کوشش اس ھاؤز میں آنریبل دوستوں کی جانب سے پہلی مرتبہ کی جا رھی ھے لیکن باھر پلیٹ فارمس پر اور پریس کے ذریعہ کئی مرتبہ کی گئی ھے - مجھے افسوس ھیکہ پروپگنڈے کا جو طریقہ مخالف

جماعت اختیار کرتی ہے اور جو انکے پاس جائز ہے وہ اس خیال پر مبنی ہے کہ اگر کسی غلط بات کو دس بار یا سو بار ریپیٹ( Repeat ) کیا جائے تو وہ سچ بنکر رہجاتی ہے۔ یہ وہ اصول ہے جس پر بعض جماعتیں عمل کرتی ہیں ۔ ہم نے سنا تھا کہ اس اصول پر ہٹلر نے جنگ کے زمانے میں عمل کیا تھا اسی اصول کو بعض پارٹیوں نے اپنایا ہے اور باہر کی دنیا میں رنگین تصویر کی صورت میں پیش کرکے اسے لبھانے کی کوشش کی جاتی ہے لیکن اس ہاؤز کے جو آنریبل ممبرس صحیح حالات سے اچھی طرح واقف ہیں انہیں ان رنگین تصویروں سے دھوکا نہیں دیا جاسکتا ۔ مجھے یقین ہے کہ اس ہاؤز کے آنریبل ممبرس بجز اس جماعت کے جو اس اصول کو مانتی ہے ان رنگین تصویروں کو صحیح تصور نہ کرینگے یہ کہنا کہ کسانوں اور زمینداروں کا مقابلہ ہے بالکل غلط ہے ۔ میں اسکی تردید کرتا ہوں ۔ کسانوں کی مشکلات اور بیروزگاری کے دور کرنے کےلئے چھ برس پہلے نلگنڈہ میں کمیونسٹ پارٹی کی جو تحریک آغاز ہوئی تھی اسکی نوعیت ضلع ورنگل یا ریاست حیدرآباد کے دوسرے ضلعوں سے مختلف نہیں ہے ۔ حیدرآباد کا زمینداری نظام..یو پی ۔ یا مدراس کے زمینداری نظام کے مطابق نہیں ہے ۔ یہاں رعیت واری سسٹم ہے ۔ اگر کوئی بات تھی تو وہ جاگیر داری نظام تھا ۔ تین سال پہلے جاگیر دار یہاں موجود تھے جنکے آبا و اجداد کو پانچ یا سات پشت پہلے آصفجاہی حکمرانوں نے یا گولکنڈے کے بادشاہوں نے بہت سے عطیات بطور جاگیر دئے تھے جن کا ایریا ( Area ) اسٹیٹ کے تقریباً $\frac{1}{3}$ حصہ پر مشتمل تھا ۔ وہ جاگیری نظام ضرور تھا لیکن دوسری قسم کا زمینداری نظام نہ تھا اور نہ ہے ۔ بقیہ پرابلم (Problem) رعیت واری ہے جو ٹیننٹ ( Tenant )اور لینڈ لارڈز ( Landlords ) کے آپسی رشتے سے تعلق رکھتا ہے ۔ زمین کو جو خود جوتتا ہے اس کا رشتہ پٹہ دار سے ذیلی ہے اور کاشتکاروں کا معاملہ پٹہ دار سے ہے ۔ نلگنڈہ میں خاص طور پر کوئی بڑے بڑے جاگیرات پائیگاہ اور سمستان نہیں تھے بلکہ ضلع محبوب نگر میں ونپرتی ۔ گدوال ۔آتماکور اور جٹپول جیسے چند بڑے سمستان تھے ۔ پائیگاہ و جاگیرات بیدر یا مرھٹواڑہ میں تھے ۔ تلنگانہ میں میدک کے تعلقہ نرساپور پائیگاہ کے سوا ایسے علاقے کم تھے ۔ لیکن اسکے باوجود یہاں جس طرح کمیونسٹ مووننٹ ( Movement ) کی نشوونما ہوئی اسکی تاریخ یہ ہے کہ ہماری اسٹیٹ کے کمیونسٹ لیڈر خوش قسمتی یا بدقسمتی سے اسی ضلع کی پیداوار تھے اور انہوں نے آرٹیفیشلی ( Artificially ) ایسے حالات پیدا کئے ۔ میں یہ کہنے کی جرات کرتا ہوں کہ کسان یا کاشتکار اور پٹہ دار کے درمیان زمین کے رشتے کا جو سوال تھا وہ سارے حیدرآباد کےلئے یکساں تھا ۔ ایک آدہ درجن دیسمکھ ضلع نلگنڈہ میں رہتے ہیں اس میں شک نہیں کہ انکے پاس ضرورت سے زیادہ زمینات ہیں ۔ ان میں سے دو تین نے اپنے کسانوں کے ساتھ نہایت ظالمانہ رویہ روا رکھا تھا جب انکے خلاف کارروائی کی گئی تو انکا یہ رویہ کچھ عرصہ کے بعد درست ہوگیا ۔ جس زمانے میں یہاں رضاکاروں کا طوفان اٹھا تھا اور لائق علی کابینہ کام کر رہی تھی اس وقت ہمارے حزب الاختلاف کا رول ( Role ) بالکل الگ تھا ۔ میں نہیں کہتا

کہ اس حزب الاختلاف میں وہ سب لوگ یہاں موجود ھیں البتہ بہت سے اس میں شریک تھے جنکا تعلق کمیونسٹ پارٹی سے تھا - وہ رول ( Role ) یہ تھا کہ اوس زمانے کی حکومت کے خلاف جدوجہد کی جائے جس کا رفرنس ( Reference ) آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن نے بھی دیا ھے - لیکن جوں ھی پولس ایکشن ھوا سب جانتے ھیں کہ اس پارٹی کے رویہ میں تبدیلی ھوگئی - جب کانگریس کی جماعت اور کانگریس گورنمنٹ نے پولس ایکشن کے بعد یہاں کے حالات پر قابو پالیا اور اپنے انتظام کے تحت یہاں نئی حکومت قائم کردی تو فوراً اوس سیاسی جماعت کا رویہ بدل گیا - ان حالات کے بعد ان کا رویہ اس طرح بدل گیا کہ نہرو پٹیل حکومت کو ختم کیا جائے - ٹارگٹ آف اٹاک ( Target of attack ) بدل گیا - اس سے پہلے ان کا ٹارگٹ دوسرا تھا - اس کی نسبت ھمارے پاس ڈاکومنٹری ایویڈنسز ( Documentary evidences ) موجود ھیں - میں انہیں تفصیلی طور پر پڑھکر ھاؤز کا وقت ضائع کرنا نہیں چاھتا لیکن یہ واقعہ ھے کہ ان سے ھمارے آنریبل دوست انکار نہیں کرسکتے - خود انکے تحریری اعلانات ھمارے پاس موجود ھیں - میرے پاس چند اکسٹراکٹس ( Extracts ) موجود ھیں جن سے صاف پتہ چلتا ھے کہ انکی سنٹرل جماعت اور غالباً اس سے باھر کسی اور جگہ سے بھی انہیں ھدایات ملتی ھیں اور ان ھدایات کے بموجب انہوں نے نہرو پٹیل گورنمنٹ کو اوور تھرو ( Overthrow ) کرنے کی عمداً کوشش کی - اگر عالی جناب کی اجازت ھو تو میں دو ایک اکسٹراکٹس ( Extracts ) پڑھکر سنانا چاھتا ھوں تاکہ اس ھاؤز کے آنریبل ممبرس کے سامنے یہ بات واضح ھوجائے - یہ ایک میسج ( Message ) ھے -

"Greetings to the fighters of Telangana. Comrades and revolutionary people of Telangana.

You have been single-handed waging the armed revolutionary struggle for People's Democratic Revolution during the last four years, for some period against the Anglo-feudal reaction and later, for the last twenty months, against the counter-revolutionary block of imperialist—big bourgeois-feudal lords. The agrarian revolution you have been conducting backed by the regular armed guerilla warfare, is striking terror into the hearts of both foreign imperialists and their native servitors. Every slogan of agrarian revolution you are issuing there and every sound of your gun shots against the people's enemies there is felt by this collaborationist Nehru-Patel Government, as a fresh nail in their coffin of reaction and counter revolution.

The Central Committee now pledges itself to extend the armed struggle to newer and greater parts of our land embracing the entire country, so that the hated Nehru-Patel Government is overthrown and People's Democracy established."

یہ میسج اس وقت کا ھے جب کہ آرمڈ اسٹرگل ( Armed struggle ) وتھڈرا ( Withdraw ) کی جا رھی تھی -

" By seeing these circulars and party letters emphasising the significance of building the Party and movements, it is wrong on the part of the comrades

to think that the armed struggle is being withdrawn. The struggle carried on with big squads alone is not armed struggle. We are changing only the tactics of our struggle in accordance with the increase in the enemy number (Rich peasants) and its concentration on us. In these conditions this is the only way to go forward."

میں اس هاؤزکو زیادہ اقتباسات پڑھکر سنانا ضروری نہیں سمجھتا ۔ صرف اس حصہ کو سنانا چاهتا هوں جو خاص طور پر تلنگانے سے تعلق رکھتا ھے ۔

"In Telangana the stage has passed long ago, for arguing whether armed guerilla warfare is the main form of struggle or not. History has proved in practice the necessity and efficiency of this method.

Today, in Telangana districts of Nalgonda, Warangal, Hyderabad and in Madras, Andhra districts of Krishna, Guntur and both Godavaries, in all these 7 districts, armed guerilla resistance is being carried on intensively. Bring on this block of 7 districts, we must extend to Karimnagar, Adilabad, Nizamabad, Medak and Mahbubnagar districts in the State and to Vizag, Nellore and Rayalseema districts in Madras Andhra. It is only when we can organise armed guerilla warfare very extensively in other districts, that it is possible to defeat the enemy's plan of concentrating all his forces on the heart of the Andhra revolutionary movement in these 7 districts and thus win final victory over the enemy."

یہ ساری چیزیں ھمارے پاس موجود ھیں جن سے انکار نہیں کیا جاسکتا ۔

"The weapons of the guerilla squads must oridnarily be revolver, grenade, knife or short lathi or other such small and easily concealable weapons.

The tasks of these town guerilla squads are : to finish off notorious Government officials who take special delight in opressing the people, landlords who after committing untold of atrocities in the villages, take protection in the towns and also the exploiters in towns and their agents who commit atrocities. These squads must destroy their properties, loot Government and other exploiters' treasuries and cash, etc.

The guerilla dalams are raiding Police Stations, army camps, and Home-Guards securing arms, driving zamindars from villages, and distributing land and grain. These very guerilla dalams will in future become the People's Army."

ھمارے پاس ان کے والیومس (Volumes) موجود ھیں ان سب کی موجودگی میں ھمارے دوستوں کا یہ کہنا کہ نلگنڈے میں کسانوں کی لڑائی تھی جو لینڈ لارڈز (Landlords) کے مقابلہ میں تھی اس لڑائی کو دبانے کے لئیے حکومت نے یونین سے پولس منگوائی اسپر کروڑھا روپیہ صرف کیا کس حد تک درست ھے ؟ میں آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن سے یہ دریافت کرنا چاهتا هوں کہ ان تمام چیزوں کی موجودگی میں اور یہ کہتے هوئے کہ آرمڈ ریولیشنری موومنٹ ( Armed Revolutionary Movement ) نہرو پٹیل گورنمنٹ کو اوورتھرو ( Overthrow ) کرنے کے لئیے آپ چلا رھے ھیں یہ کہنا کہاں تک درست هو سکتا ھے کہ نلگنڈے کا مسئلہ صرف کسانوں کا مسئلہ ھے ۔ (People's Democracy) قائم کیجائے

میں نہیں جانتا کہ اس کے معنی کیا ھیں البتہ مجھے معلوم ھے کہ ڈیمو کریسی کے معنی ( Government by the people, for the people and of the people ) ھیں
یہ ڈیمو کریسی کی تعریف ھے - لیکن میں یہ سمجھنے سے قاصر ھوں کہ پیپلس ڈیمو کریسی کیا اس کے وا کوئی اور اونچی چیز ھے ؟ آپ کیسی پیپلس ڈیمو کریسی قائم کرنے کا اپدیش دے رھے ھیں جس کے لئے آپ ایک انقلابی تحریک چلا رھے ھیں اور جس کا تعلق در اصل نہ تونلگنڈے سے ھے اور نہ تلنگانے کے زمینداروں سے بلکہ ایک ایسی تحریک سے تھا جو آندھرا ڈسٹرکٹ میں جاری تھی جس کے تحت ھیٹیڈ نہرو پٹیل گورنمنٹ (Hated Nehru-Patel Government) کو اوور تھرو (Overthrow) کرنا مقصود تھا۔ جب اس مقصد کے تحت کارروائیاں کی گئیں تو میں آنریبل ممبر سے پوچھتا ھوں کہ کیا ایسی کارروائیوں کے بعد حیدرآباد کی حکومت انہیں گلے لگاتی ؟ ان کے ساتھ محبت اور پیار سے پیش آتی جب آپ انہیں اینیمی ( Enemy ) کہتے ھیں - آپ گوریلہ وار کرتے ھیں۔ آرمڈ ریویلوشن ( Armed Revolution ) لانا چاھتے ھیں اور ان مقاصد کے تحت آپ کام کرتے ھیں تو کیا آپ گورنمنٹ سے توقع رکھتے ھیں اور کیا یہ ھیومن لی پاسبل (Humanly possible) ھے کہ وہ آپ کو پیار کرے ؟ ان تمام باتوں کے باوجود آج آپ اس اسمبلی کے ذریعہ دنیا کے سامنے ایک رنگین تصویر پیش کرنے کی خاطر یہ کہتے ھیں کہ معصوم کسانوں کے موومنٹ کو دبانے اور اسے ختم کرنے کے لئے گورنمنٹ نے ۲ کروڑ ۹۰ لاکھ روپیہ خرچ کیا - اس طرح حکومت حیدرآباد پر جو الزامات لگائے جاتے ھیں میں پوچھتا ھوں کہ وہ کہانتک صحیح ھیں ؟ اس جماعت نے حکومت کے خلاف جو کارروائیاں کیں اور اسکے لئے جو آرمڈ ریوولیوشن کا طریقہ اختیار کیا اس کا کیا نتیجہ نکلا؟ کیا اثرات ھوئے؟ میں آپ کے سامنے فیگرس ( Figures ) رکھنا چاھتا ھوں - یہ جماعت (۳۸۰۰) مرڈرس ( Murders ) اور (۸۰۰۰) ڈکیتی اور دوسری کارروائیوں کی ذمہ دار ھے - ایسی جماعت جس نے بھاگتے ھوئے رضاکاروں اور دوسرے ذرائع سے اور بعض موقعوں پر پولس کی چوکیوں پر دھاوا کر کے ھتیار ڈی - بی - آر - آسٹن گن - تھری ناٹ تھری - ڈبل بیارل - سنگل بیارل گنز حاصل کئے اور جو آج تلنگانے کے مختلف مقامات پر جنگلوں اور پہاڑوں میں کارگزار ھے کیا اس حقیقت سے انکار کر سکتی ھے؟ ھمارے معزز دوست آنریبل ممبر مسٹر دیشپانڈے نے کہا کہ یہ انڈیویجول وائیلنس ( Individual violence ) ھے۔ ھماری پارٹی نے اس کی اجازت نہیں دی تھی - یہ ایسی غلط بیانی ھے جس سے کم از کم یہ ھاؤز دھوکہ نہیں کھا سکتا البتہ باھر کے وہ معصوم لوگ جو ان واقعات سے واقف نہیں ھیں ان رنگین تصویروں سے دھوکا کھا سکتے ھیں اور ان کے پھیر میں آسکتے ھیں - لیکن ھمارے سامنے واقعات ھیں حقیقتیں ھیں جن سے انکار نہیں کیا جاسکتا ۔آپ نہ صرف لا اینڈ آرڈر ختم کردیتے ھیں بلکہ ھیٹیڈ نہرو پٹیل گورنمنٹ کو اوور تھرو کرنا چاھتے ھیں اس کے بعد آپ حکومت سے کس سلوک کی توقع رکھتے ھیں ؟ پولس ایکشن کے بعد جب ملٹری گورنمنٹ آئی اگر اسکی جگہ آج کی جیسی پاپولر الکٹیڈ گورنمنٹ (Popular Elected Government) ھوتی تو وہ بھی اپنے فرائض سے آبڈیکیٹ ( Abdicate ) نہ ھوتی - اس قسم کے موومنٹ

کا مقابلہ کرنا اوس حکومت کے لئے لازم ہو جاتا ۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ آپ کی غلط بیانی کی پرزور تردید کروں اور دنیا کو معلوم کراؤں کہ بیک گراونڈ(Background) کچھ اور ہی ہے ۔ یہی ہے وہ پس منظر جو پولس اکسپنڈیچر ( Police expenditure ) میں اضافے کا باعث ہوا ۔ اگر وہ نہ ہو تو یہ بھی نہو ۔ یہ دونوں چیزیں واقعی ہیں ان سے انکار نہیں کیا جاسکتا ۔ جیسے جیسے آرمڈ ریوولیوشن کا ارادہ بڑھتا گیا اور گوریلہ وار میں اضافہ ہوتا گیا ویسے ویسے پولس بجٹ بڑھتا گیا ۔ اسی اعتبار سے یہ کہا گیا کہ ,,آج ،، اپنے ,,کل ،، کا نتیجہ ہے اور,,آنے والا کل،، ,,آج ،، کا نتیجہ ہوگا ۔ اسے نظر انداز کرنے کی بجائے حقیقت پسندی کے نقطہ نظر سے دیکھنا چاہئے ۔ آپکو سوچنا چاہئے کہ ۶ کروڑ ۴۷ لاکھ روپیہ پولس کی مد میں رکھنے کے وجوہات کیا ہیں ۔ آپ نے بیان کیا یہ تو ایک لڑائی تھی کسانوں کی ۔(Everything is fair in love and war) لڑائی میں تو ہر چیز درست ہوسکتی ہے لیکن ہمارا یہ اصول نہیں ۔ حکومت نے پولس اور ملٹری کو امپلائے ( Employ ) کیا ۔ ہوسکتا ہے کہ اس نے کہیں اکسیسز ( Excesses ) بھی کئے ہوں ۔ یہ بھی کہا گیا کہ چند مہینوں پہلے جب کہ کانگریس کے ارکان پچھلی گورنمنٹ میں شامل تھے اس وقت بھی ہم نے نہیں دیکھا کہ کوئی نیا رجحان پیدا ہوا ہے ۔ یہ بھی غلط اور واقعہ کے خلاف بات ہے ۔ جس وقت گذشتہ مخلوط حکومت میں کانگریس کے چار نمائندے شامل ہوئے ڈیٹینیوز( Detenues ) کی تعداد (۴۱۱۰) تھی ۔ موجودہ نئی حکومت کے قیام تک نظر بندوں کی تعداد (۵۴۷) کردیگئی ۔ گذشتہ سال جب بجٹ پیش ہوا اس وقت ہم چار کانگریسی وزراء بھی کابینہ میں شریک تھے اس وقت باوجودیکہ ڈس آرڈر ( Disorder ) کرنے والی جماعتوں کی کارروائیاں کم نہیں ہوئی تھیں ہم نے ۴۶ لاکھ روپیہ موازنہ میں کم رکھا ۔ لیکن دیکھا گیا کہ اسکے باوجود طرز عمل میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی ۔ ۴۶ لاکھ جو کم کئے گئے تھے اس سے زیادہ خرچ کرنا پڑا اسکی ذمہ داری کس پر ہے ؟ اسکی مارل ( Moral )اور ہر قسم کی ذمہ داری ہمارے ان دوستوں پر ہے جنھوں نے اس کو انکریج(Encourage ) کیا ۔ پروگرام بنائے اور ہدایات دئیے ۔ حکومت حیدرآباد اس کی ذمہ دار نہیں ۔ ہاں حکومت حیدرآباد اس خرچ میں کمی کرسکتی ہے لیکن صورت جب لڑائی کی ہو تو اس میں روپیہ آنے پائی کا حساب نہیں دیکھا جاتا ۔ اسی کارکردگی کو قائم رکھتے ہوئے ممکن ہے کہ (۶) کروڑ (۴۷) لاکھ کی بجائے (۶) کروڑ خرچ ہوں اور (۴۷) لاکھ بچت ہو ۔ لیکن ان ساری چیزوں کی ذمہ داری ان ہی دوستوں پر ہے ۔ میں دوبارہ کہنا چاہتا ہوں کہ ان ہی دوستوں پر ہے ۔ ابھی یہ کہا گیا کہ سب ڈیموکریسی کے لئے یہاں آئے ہیں ۔ پیسفل الکشن ( Peaceful Election ) ہوچکے ہیں لیکن جس فیلنگ( Feeling ) کا اظہار ہو رہا ہے وہ سب اورلی ( Orally ) ہے ۔ جس جماعت پر ان ساری چیزوں کی ذمہ داری ہے اس نے ارادتاً رائے تبدیل کی ہے مجھے اس کا فسٹ ہینڈ نالج ( First hand knowledge ) ہے ۔ ایک جماعت اس میں سے یہ کہنے لگی ہے اور آج بھی یہ چاہتی ہے کہ جو رویہ اختیار کیا گیا ہے اس میں ٹیکٹیکل چینج ( Tactical change )

ہونا چاہئے اور ان ٹیاکٹکس ( Tactics ) کو سوئچ آف ( Switch off ) کرنے
کی ضرورت ہے ۔ بہر حال اس کے نتیجہ کے طور پر یہ طئے کیا گیا ہے کہ عارضی طور پر
مصلحت کے تحت ان ٹیاکٹکس کو چھوڑ دیا جائے ۔ گورنمنٹ نے اس کا خیر مقدم کیا۔
ڈیٹینیوز ( Detenues ) رلیز ( Release ) ہونا شروع ہوئے ۔ الکشن
کے لئے سہولتیں دی گئیں ۔ اتنی سہولتیں دی گیں کہ کسی دوسری جماعت کو نہیں
دی گئیں جس کا نتیجہ ہے کہ یہاں پر ہمارے دوست اتنی بڑی تعداد میں موجود ہیں ۔
میں ہاؤز سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ پچھلی گورنمنٹ نے اس پارٹی کے ساتھ جو رویہ اختیار
کیا وہ انتقامی جذبات کے تحت تھا یا جنرس (Generous) سلوک تھا ۔ میں ان آنریبل ممبرس کا
ورڈکٹ ( Verdict ) قبول کرنے کے لئے تیار نہیں ہوں ۔ غیر جانبدار لوگ اگر واقعات کا
مطالعہ کریں تو حیدرآباد گورنمنٹ پر یہ الزام عائد نہیں ہو سکتا ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا
کانگریس کے چاروں ممبروں نے پچھلی کابینہ میں اس کی پوری کوشش کی کہ خرچ میں کمی
کیجائے اور باہر سے آئی ہوئی فورسس (Forces) دھیرے دھیرے واپس کردی جائیں ۔
انہوں نے اس کی بھی کوشش کی کہ گورنمنٹ کے اٹیٹیوڈ ( Attitude ) میں ایسی
تبدیلی ظاہر ہو جس سے دوسری پارٹی میں اچھے ری ایکشن ( Reaction ) کے
امکانات پیدا ہوں ۔ میں آج یہ کہنے کے لئے تیار ہوں کہ جو چینج آف آؤٹ لک
( Change of out-look ) آپ نے بتایا ہے وہ ہماری ہی کوششوں کا نتیجہ ہے
میں آپ کو نہایت صداقت کے ساتھ دعوت دیتا ہوں کہ حقیقت میں اگر آپ پولیس بجٹ
میں کمی کرنا چاہتے ہیں تو گورنمنٹ کے لئے بھی واقعی یہ خوشی کی بات ہوگی
کیونکہ گورنمنٹ یہ نہیں چاہتی کہ اسٹیٹ کی آمدنی کا ۱۵ - ۱۶ فیصد پولیس پر خرچ ہو
کونسی حکومت ایسی ہوگی جو پولیس کے آدھار پر چلنا چاہتی ہو؟ لیکن اس کا دارو مدار
کس پر ہے؟ اس کا دارومدار چینج آف آؤٹ لک پر ہے۔ آج اگر حکومت نے ۶ کروڑ
۲۷ لاکھ کے خرچ میں سے تقریباً ۱۷۷ لاکھ گھٹا کر اسے ۴۹۸ لاکھ کردیا ہے تو یہ
کمی خود اس امر کی شاہد ہے کہ نئی حکومت کس طرف جانا چاہتی ہے ۔ اگر فضاء
اور حالات اچھے ہوں (فضاء کے بنانے کی ذمہ داری میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے دوستوں
پر ہے ) اور وائیلنس ( Violence ) ختم ہو جائے ہتیار جو ایسے لوگوں کے پاس ہیں
جن کے اصول اور روایات کچھ اس قسم کے ہیں کہ ہم ان پر بھروسہ نہیں کر سکتے
واپس کردیں اور گورنمنٹ کو اوور تھرو کرنے کے طریقے اختیار نہ کریں تو میں یقین
دلانا چاہتا ہوں کہ پولیس بجٹ میں کمی لازمی ہوگی ۔ اسی تناسب سے بجٹ میں کمی
ہوگی جس تناسب سے تخریبی کارروائیاں ختم ہونگی ۔ میں نے ابھی کہا کہ الکشن کے
عین پہلے اس جماعت نے رویہ میں تبدیلی کی ۔ تین چار مہینے سے بڑے پیمانے پر یا اوس
طریقے پر جیسے پہلے ہوتے تھے کوئی مرڈر ( Murder ) یا ڈکیتی کے واقعات
نہیں ہوئے ۔ یہ تو الکشن سے پہلے اور الکشن کے عین بعد کا عمل ہے۔ لیکن اب جو
صورت حال ہے وہ ہاؤز کے سامنے بیان کرنا چاہتا ہوں تاکہ مغالطہ باقی نہ رہے۔ ہاوز کے
دونوں جانب سے پولیس کے بجٹ میں کمی کا مطالبہ کیا گیا ہے لیکن اپنی ذمہ داری کے

تحت میں ہاؤز کے سامنے پورے واقعات رکھنا مناسب سمجھتا ہوں ۔ موجودہ واقعات یہ ہیں کہ دہشت پسندی یا کوئرشن ( Coercion ) کے ذریعہ سے اپنے پروگرام کو چلانے کا طریقہ جو پہلے سے رائج ہے ابھی ختم نہیں ہوا بلکہ اس کی شکل بدل گئی ہے اس کا طریقہ بدل گیا ہے ۔ پروگرام چونکہ بدلا ہے ۔ اس وجہ سے یہ بھی بدلا ۔ اتنی ہی بات ہے ۔ اس سے بڑھکر کچھ نہیں ۔ میرے پاس اس کے رپورٹس ہیں کہ اب اس امر کی کوشش کی جارہی ہے کہ دیہاتوں میں اس پارٹی کی طرف سے ولیج پنچایتیں قائم کیجائیں ۔ جتنے لوگ اس جماعت کے رکن ہیں یا اس پارٹی سے سمبندھ رکھتے ہیں ان سارے لوگوں کو پنچ مقرر کیا جاتا ہے اور یہ آرڈر دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے جھگڑوں کو پنچوں کے سامنے رکھیں ۔ پنچ فیصلہ کرتے ہیں اور جرمانے عاید کرتے ہیں ۔ پارٹی کے زور پر جرمانے وصول کئے جاتے ہیں ۔ میرے پاس اس کی مستند رپورٹیں موجود ہیں ۔ ایک طرف تو اس قسم کا طریقہ رائج ہے اور دوسری طرف موجودہ گورنمنٹ کے راستے میں روڑے اٹکائے جاتے ہیں اور ایک طرح کی متوازی یعنی پیرالل (Parallel ) حکومت قائم کئے ہوئے ہیں ۔ یہ کہدینا کہ یہ انڈیویجول وائیلنس (Individual violence) ہے کلکٹیو وائیلنس ( Collective Violence ) نہیں ہے کہاں تک درست ہو سکتا ہے ۔ اس کی ذمہ داری لیڈرس پر ہی ہے ۔ میں نے پورا ریکارڈ دیکھ لیا ہے کہیں پتہ نہیں چلا جہاں اس بات کا اعتراف کیا گیا ہو کہ ہمنے جو کارروائیاں شروع کی تھیں انکو واپس لے لیا ہے ۔ اس ریکارڈ میں آدمیوں کی مدد سے قوت حاصل کرکے آگے بڑھنے کے طریقے بتلائے گئے ہیں ۔ ان کے سرکیولرس میں اس کا اظہار کیا گیا ہے ۔ ان باتوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے اگر ہاؤز سے یہ مطالبہ کیا جائے کہ تین مہینے کے لئے ۲۰ لاکھ یعنی سال کے لئے ایک کروڑ کافی ہو جائینگے تو میں ادب کے ساتھ ہاؤز سے عرض کرونگا کہ یہ بات حقیقت پسندی پر مبنی نہ ہوگی ۔ جب حکومت ۶ کروڑ ۷۴ لاکھ کے بجٹ کو ۴ کروڑ ۹۸ لاکھ پر لائی ہے تو ہو سکتا ہے کہ حالات کے بہتر ہونے پر وہ مزید کمی کردے ۔ سال بھر میں ۴۹۸ لاکھ خرچ نہوں ۔ لیکن اس وقت جو بجٹ پیش ہے وہ موجودہ حالات پر مبنی ہے ۔ اس کے لئے تین ماہ کا ووٹ آن اکونٹس (Vote on Accounts) مانگا جارہا ہے ۔ جیسا کہ امید دلائی جارہی ہے اگر حکومت ضرورت محسوس نہ کرے اور رقوم میں بچت ہو جائے تو یہ نیشن بلڈنگ ورکس (Nation Building Works) پر صرف کی جائیگی ۔ جیسا کہ اسٹیمیٹس کمیٹی (Estimates Committee) کی رپورٹ میں بھی کہا گیا ہے ۔ میں چاہتا ہوں کہ ان تمام حالات کو تفصیل سے ہاؤز کے سامنے رکھوں نہ صرف ہاؤز کے سامنے بلکہ ان تمام لوگوں کے سامنے رکھوں جنکو غلط تصور پیش کرکے لبھایا جارہا ہے ۔ اس لئے میں نے اس پائینٹ پر اتنی دیر تک گفتگو کی ۔ اب میں اسے ختم کرکے دوسرے اجزاء پر آتا ہوں ۔ ممکنہ کوشش کرکے میں اپنی تقریر کو جلد ختم کرونگا ۔

بہت سی باتیں کہی گئیں ۔ راج پرمکھ کا معاوضہ صرفخاص کی اسٹیٹ کی امدنی سے ملتا ہے ۔ جاگیرداروں کو ان کی جاگیرات ختم کرنے کا معاوضہ ملتا ہے ۔ یہ دونوں مداتِ

چارجڈ اکسپنڈیچر ( Charged expenditure ) کے تحت آتے ھیں - سب سے زیادہ قانونی عذر یہ ھےکہ وہ اس ھاؤز میں معرض بحث میں نہیں لائے جاسکتے - وہ ایسا خرچ ھے جو پچھلی گورنمنٹ کا کمٹمنٹ ( Commitment ) ھے جس کی منظوری گورنمنٹ آف انڈیا سے حاصل ھو چکی ھے- یہ مسئلہ اس ھاؤز میں زیر بحث نہیں لایا جا سکتا لیکن میں ان مدات کا تذکرہ اس لئے کررھا ھوں کہ ھمارے آنریبل دوستوں نے اس کا ذکر کیا تھا میں جاگیرداروں کا بریف ( Brief ) لے کر اس ھاؤز میں حاضر نہیں ھوا ھوں - اس لئے بھی اس بارے میں کچھ کہنا نہیں چاھتا کہ میں بھی ایک پٹی (Petty) جاگیردار ھوں اور دوسرے جاگیرات کے ساتھ میری جاگیر بھی ختم ھوچکی ھے - میں اپنے دوستوں کے سامنے ایک مارل کوئسچن (Moral Question) رکھنا چاھتا ھوں کہ انجاگیرداروں کے صدیوں کے حقوق کو جن کے اسناد عطایا میں معطی نے " آچندرا تارارکم " ( आचंद्रताराकम् ) " تاقیام شمس و قمر " کے الفاظ لکھے ھیں کیا یہ ایک جنبش قلم حکومت حیدرآباد بالکل ختم کردےسکتی ھے - میرا تو یہ خیال ھے کہ پنڈت نہرو اور سورگباشی سردار پٹیل کی رھنمائی میں حکومت حیدرآباد نے ایک ایسا قدم اٹھا کر یہ مسئلہ حل کیا کہ (۲۰) سال کے آرمڈ ریولیوشن (Armed Revolution) سے بھی یہ کام ممکن نہ تھا -کسی اعتراض یا جھگڑے کے بغیر یہ مسئلہ حل کیا گیا بجز اس کے کہ ھائیکورٹ میں ایک ورٹ ( Writ ) کی درخواستیں پیش ھوئیں - کیا آپ اس کو ایک معمولی چیز سمجھتے ھیں؟ اگر معمولی چیز سمجھتے ھیں تو میں سمجھتا ھوں کہ آپ نے ھسٹری کا صحیح طریقہ پر مطالعہ نہیں کیا ھے - کیا آپ کا مقصد یہ ھے کہ سات صدیوں کے پیشتر اگر اس وقت کے پادشاھوں کی خدمت کے صلہ میں کسی کو کوئی معاوضہ ملا ھو اور وہ خاندانی ھونے کی وجہ سے آج تک چلا آیا ھو تو انکو یکلخت ختم کردیا جائے ؟ اس کے کیا معنی ھیں؟ ان جاگیرداروں کا کیا قصور ھے جنہیں آپ قتل کردینا چاھتے ھیں؟ لیڈر آف دی سوشلسٹ پارٹی نے فرمایا کہ انہیں ری ھابیلیٹیشن الونس (Rehabilitation Allowance) دیا جائے لیکن آپ تو ان کی ساری جائیدادیں بغیر کسی معاوضہ کے چھین لینا چاھتے ھیں - میں کہوں گا یہ کونسا مارل ( Moral ) یا سوشیل ( Social ) پرنسپل ھے اور کیا یہ انصاف ھوگا کہ ان کی جاگیریں چھین لیکر انہیں کوچہ گردی اور بھیک مانگنے کے لئے چھوڑ دیں - کیا اس سے بیروزگاری کا مسئلہ پیدا نہ ھوگا- ٹیچرس ( Teachers ) کی بیروزگاری کا ذکر کیا گیا لیکن حقیقت یہ ھے کہ وہ ریجنل لینگویجس(Regional Languages) میں اپنے فرائض انجام دینے کے قابل نہ ھونے کی وجہ سے انہیں چار پانچ امتحانات کا موقع دیکر ھٹایا گیا - اون کی بیروزگاری کے مسئلہ کو اکسپلائیٹ ( Exploit ) کیا جارھا ھے- جہاں تک جاگیرداروں کے معاوضہ کا تعلق ھے میں آپکو فیگرس کے ساتھ ثبوت دینے کے لئے تیار ھوں کہ انہیں معاوضہ نہیں دیا جارھا ھے بلکہ ری ھا بلیٹیشن الونس دیا جارھا ھے جیسا کہ آنریبل ممبر شری راجہ رام نے کہا - اگر کسی امیر پائیگاہ کو ۳ لاکھ ۸۰ هزار ملتے تھے تو اب انہیں ۹۰ هزار مل رھے ھیں - اس رقم میں ان کے ساتھ سارے ملازمین و متعلقین شریک ھیں -

اسطرح بھی ان امپلائیمنٹ ( Unemployment ) کو بڑی حد تک روکا گیا ھے۔ اگر انکے ھیری ڈیٹری رائیٹس ( Hereditary rights ) کو یکلخت ختم کردیا جائے اور کوئی معاوضہ نہ دیاجائے توسوشیل جسٹس کے پرنسپل کےتحت بھی میں اسکو قبول نہیں کرسکتا۔ اکنامکلی ( Economically ) بھی یہ پسندیدہ نہیں کہلایا جاسکتا کہ انکو فاقہ کشی میں مبتلا کیا جائے ۔ یہ الونس جو انہیں دیا جارھا ھے برائے نام ھے جسے فاقہ کشی کا الونس کہا جاسکتا ھے۔ میں اس پر مزید بحث کرنا نہیں چاھتا اس لئے کہ یہ مسئلہ اس وقت زیر بحث نہیں ھے ۔

*Hon'ble Shri Raj Reddy* (Sultanabad) : I rise on a point of information, Sir, The Hon'ble the Chief Minister is saying that the charge under the Consolidated Fund of the Hyderabad State cannot be brought into discussion. It may not be voted, that is right ; but can it not be brought into discussion ? That information, I want to know, Sir.

*The Hon'ble Shri B. Ramakrishna Rao* (Chief Minister) : Sir, I believe my Hon'ble Friend has not quite properly followed me. I myself brought into discussion because the matter was referred to. What I was reiterating was that a vote-on-account is not being asked for that item. That is exactly what I wanted to say.

چند چیزوں پر اس طرح بحث کرنے سے کوئی فائدہ نہیں ۔ بجٹ میں کہیں کمی کرنے کی گنجائش ھوتو کرنی چاھئیے ۔ میں عرض کرونگا کہ کانسٹی ٹیوشن کے بنانے میں ممکن ھے اپوزیشن کے نمائندوں کو کوئی بڑا دخل نہ رھا ھو لیکن وہ خود اس کے ذمہ دار ھیں اگر وہ اپنے رویہ کو دوسری طرح رکھتے اور کانسٹی ٹیونٹ اسمبلی ( Constituent Assembly ) میں وہ خود رھتے اور انکی رائے چلتی تو شاید کانسٹی ٹیوشن اس قسم کا نہ بنتا جسمیں کہا گیا ھے کہ "معاوضہ کے بغیر کسی کی پراپرٹی حاصل نہ کیجائے" تب تو میرے فاضل دوستوں کے لئیے راستہ بالکل کھلا ھوتا اور وہ اس قسم کا جو بھی پروپوزل ( Proposal ) پیش کرتے میں قبول کرنے پر مجبور ھوجاتا ۔ لیکن بد قسمتی سے یا خوش قسمتی سے کانسٹی ٹیوشن اس قسم کا بنا ھے کہ کسی کی پراپرٹی بغیر معاوضہ کے نہیں لیجا سکتی اور اس میں یہ بھی قید ھے کہ نامینل کامپنزیشن ( Nominal compensation ) نہیں بلکہ فیر کامپنزیشن (Fair compensation) دینا ضروری ھے۔ان چیزوں کو بھلا کر اگر ھم محض رومانس ( Romance ) کی دنیا میں جیسا کہ ایک فاضل ممبر نے فرمایا بحث کریں اور پراکٹیکل تھیوری ( Practical Theory ) کو سامنے نہ رکھیں تو کوئی صحیح نتیجہ نہیں نکل سکتا ۔ ھمیں ان چیزوں کو اپنی نظر میں رکھنا چاھئیے ۔

ایک چیز غور طلب یہ بھی ھے کہ اڈمنسٹریشن ( Administration ) کے جو ٹاپ ھیوی ( Topheavy ) طریقے ھیں ان میں کسطرح کمی کی جاسکتی ھے ۔

آپ کو معلوم ہے کہ اس کےلئے گوروالا کمیٹی تشکیل دیگئی تھی - اس کمیٹی نے غور و خوض کے بعد اپنی تجاویز میں ۳ کروڑ ۸۴ لاکھ کی بچت کی گنجائش بتائی تھی اور وہ ذرائع بتائے تھے جنکو اختیار کرکے گورنمنٹ اپنے اڈمنسٹریشن کے دوسرے اخراجات میں کمی کرسکتی ہے - ان تجاویز میں سے قریب قریب ۸۰ فیصد کو حکومت نے منظور کیا - نہ صرف منظور کیا بلکہ بہت سی تجاویز روبعمل لائی گئی ھیں - ان تجاویز پرعمل کرنے کی وجہ سے جو بچت ھوئی اسکی مقدار قریب قریب ایک کروڑ آٹھ لاکھ ہے - لیکن ان تمام تجاویز پر عمل کیا جائے تو ۳ کروڑ ۸۴ لاکھ کی کمی کی گنجائش نکل سکتی ہے - کمیٹی نے جو تجاویز پیش کئے تھے ان میں سے ۱/۳ کی حدتک عمل ھوچکا ہے - میں یہاں یہ کہدینا چاھتا ھوں کہ ھمارا اڈمنسٹریشن ٹاپ ھیوی ہے - اس کا بھی ایک بیک گراونڈ (Background) ہے - ایک ھسٹری ہے - لیکن آناً فاناً ٹاپ ھیوی اڈمنسٹریشن کو نہیں بدلا جاسکتا - اگر گورنمنٹ سے یہ کہا جائے کہ (۱۵) کروڑ کے خرچ کو آپ دو کروڑمیں چلالیں تویہ کسطرح ممکن ہے؟ کیا ان افسروں کو جو اس گورنمنٹ کی مشنری میں اب سے نہیں بلکہ ۱۵ - ۲۰ سال سے بر سرکار ھیں جیل میں ڈالدیا جائے؟ کیا ان کےلئے قید خانے کھولیں - ان کےلئے ایک نیا اسپلائمنٹ اکسچینج کھولنا پڑیگا - اس کے نتائج قریب قریب وھی ھونگے جو آج ھیں - حکومت کا پہلا کام یہ ہے کہ وہ لا اینڈ آرڈر (Law and Order) قائم رکھے - دوسرے فرائض دوسری باڈیز (Bodies) کو بھی انجام دینے چاھئے تب ھی ایک ولفیر اسٹیٹ (Welfare State) بن سکتی ہے - آپ اور ھم سب اس اصول کے معتقد ھیں کہ ملک کی فلاح و بہبود کی ذمہ داری نہ صرف حکومت پر ہے بلکہ رعایا کا بھی یہ فرض ہے کہ وہ گورنمنٹ کی اکٹی ویٹیز(Activities) کو بڑھائے - اس میں شک نہیں کہ اخراجات کے بڑھانے میں جو جنرل انفلیشنری ٹنڈنسی (General inflationary tendency) فینانس کی رھی ہے اسکو بڑا دخل ہے - ھوسکتا ہے کہ پے اینڈ سرویس کمیشن نے تنخواھیں زیادہ بڑھائی ھوں لیکن بڑی بڑی تنخواھیں رکھنے والے عہدہ دار جنکے ساتھ کنٹرا کٹ (Contract) کیا گیا ہے کیا انکی تنخواہ دو ھزار سے دو سو کردیجائے؟ یہ تو ظاھر ہے کہ دو ھزار میں بھی زندہ رھسکتے ھیں اور دو سو میں بھی - لیکن یہ سب رومانٹک (Romantic) دنیا کی باتیں ھیں - تبدیلیاں بتدریج ھوسکتی ھیں - یہ سب کچھ اس وقت ھوسکتا ہے جبکہ ساری سوسائیٹی کی تعمیر ایک نئی بنیاد پر ھو - سب سادگی اختیار کریں - گاندھین ایڈیا لوجی (Gandhian Ideology) اختیار کریں - سب لوگ اسی آدھار پر رھیں - میں آپ سے صرف یہ کہونگا کہ حقیقت پسندی کو سامنے رکھیں -

اکنامک کنڈیشنس (Economic conditions) کے بارے میں بھی بہت سی باتیں کہی گئیں جنکی جانب میں اشارہ کرنا ضروری سمجھتا ھوں - میرے معزز دوست آنریبل ممبر شری دیشپانڈے لیڈر آف دی اپوزیشن نے اسکی شکایت کی تھی اور وہ یہ چاھتے تھے کہ میرا رجحان تلاش کریں - اگر میں ثبوت کے ساتھ یہ بتلا دوں کہ ھمارے قدم آگے بڑھ رہے ھیں تومیں سمجھتا ھوں کہ انہیں اطمینان ھوجائیگا - جاگیرات کے ابالیشن

( Abolition ) کے بعد جو ریفارمس ہوئے ان پر بحث کرنا نہیں چاہتا البتہ لینڈ ریفارمس کے سلسلہ میں ایک دو جملے کہنا چاہتا ہوں - حیدرآباد میں ( Tenancy and Agricultural Lands Act ) کے تحت جولینڈ ریفارمس ہوئےھیں اگر انکا امپارشل ( Impartial ) مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ دیگر اسٹیٹس کے مقابلہ میں حیدرآباد کا لینڈ ریفارمس ایکٹ بہت ھی ( Progressive ) پروگریسیو ہے - لیکن میں ان لوگوں میں سے نہیں ہوں جو کہتے ہیں کہ :-

That is the last word on the subject ;

It is not at all so.

میں نے اس ایکٹ میں کئی ترمیمات کئے ھیں اس وقت یہاں انکی تفصیل کی گنجائش نہیں - اس میں اور بھی کئی ڈراسٹک اسنڈمنٹس (Drastic Amendments) کرکے آگے بڑھانے کی گنجائش ہے - میں آپکو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ ڈسٹریبیوشن آف لینڈ ( Distribution of land ) کی جو تصویر آپ کے ذہن میں ہے وہ بہت دنوں سے ھمارے ذہن میں بھی ہے اور ہم اس جانب بڑھ رہے ہیں - بجٹ پر مباحث کے دوران میں انکی تفصیلات پر بحث کرنے کا موقع نہیں ہے اور نہ اسکی ضرورت ہے - عنقریب جو مسودات قانون گورنمنٹ اس ھاؤز میں پیش کرنے والی ھے مجھے امید ہے کہ وہ آپکو مطمئن کرینگے - کانسٹی ٹیوشن کے حدود کے اندر ہم نے اس بارے میں اپنی بہرسک کوشش کی ہے جو آپ کا بھی رجحان ہے - البتہ رجحان میں اتنا فرق رھیگا کہ آپ جبراً کسی کی جائیداد کھینچ لینا چاھینگے اور میں قانون اور دستور کے طریقے نکالونگا جو کانسٹی ٹیوشنل ( Constitutional ) ہونگے - اتنا بنیادی فرق آپ میں اور مجھہ میں رھیگا -

اراضیات انعامی کے لکویڈیشن ( Liquidition ) کا ذکر کیا گیا - میں یہاں آپ ھی کا لفظ آپ ھی کی ٹرمینالوجی ( Terminology ) اس لئے استعمال کر رہا ہوں کہ شاید وہ آپکی پسندیدہ ہو - ھاں ! تو اراضیات انعامی کے متعلق یہ طے کیا گیا ہے کہ اراضیات انعامی پر کسی قدر کمی کے ساتھ مالگزاری عائد کرکے انعامداروں کو پٹہ دار بنادیا جائے - انکو وھی حقوق حاصل رھینگے جو پٹہ دار کو ہیں - کاشتکاروں کا پٹہ داروں کے ساتھ جو رشتہ اس وقت ہے وھی انکے ساتھ بھی رھیگا - اس سے ہوگا یہ کہ انعامدار جو ابتک ٹیننسی ایکٹ (Tenancy Act) سے محفوظ تھے اب نہ رھینگے - ایک چھوٹے سے قانون نے اتنا بڑا کام کیا - اسی قسم کی اور تبدیلیاں بھی ہم کر رہے ہیں اور وہ زیر غور ہیں - ہم یہ چاہتے ہیں کہ سنسیریٹی ( Sincerity ) کے ساتھ سب ملکرساتھیوں کی طرح آگے بڑھیں - ہم سب یہاں ملک کی بھلائی کےلئے آئے ہیں - ایک ساتھی کی طرح بھروسہ کرنے اور گورنمنٹ کو سہولتیں بہم پہنچانے کی بجائے اگر روڑے اٹکاتے رھیں تو ھمارا کام مشکل سے مشکل تر اور مشکل تر سے مشکل ترین ہو جائیگا -

میں چند دوسری چیزوں کی طرف اشارہ کرکے اپنی تقریر کو ختم کرنا چاھتا ھوں۔ اب سات بجنے کےلئے ۱۰ منٹ باقی رھگئے ھیں ۔ مجھے توقع ھے کہ دس منٹ کی اجازت دیجائےگی ۔ میں اس وقت کے اندر اپنی تقریر ختم کرنے کی کوشش کرونگا ۔ میں تفصیلی جواب تو دینا نہیں چاھتا کیونکہ آنریبل منسٹرس اپنے اپنے ڈپارٹمنٹس کے متعلقہ امنڈمنٹس پر روشنی ڈالینگے ۔ اپنے ڈپارٹمنٹ کی جانب سے انکا جو بھی جواب ھوگا وہ دینگے ۔ اس میں شک نہیں کہ میں نے اپنے معزز دوست آنریبل ھوم ممبر کا کچھ وقت چھین لیا ھے ۔ بہت سی باتیں جو تفصیلی طور پر اتھاریٹی ( Authority ) کے ساتھ وہ پیش کرسکتے تھے میں نے اپنی طرف سے بتائی ھیں لیکن میں نے اسکی ضرورت اس لئے محسوس کی کہ جنرل ڈسکشن کے طور پر پالیسیز ( Policies ) کی بحثیں ھورھی ھیں ۔ میں نے چاھا کہ گورنمنٹ کی طرف سے ایک ذمہ دارانہ اسٹیٹمنٹ (Statement) دوں ۔ اس سے بڑھکر کوئی مقصد نہ تھا ۔

اب دو تین چھوٹی چھوٹی چیزوں کی طرف اشارہ کرنا چاھتا ھوں ۔ ھاوز میں اسٹیٹ کاونسلر ( State Counsellor ) کا رفرنس ( Reference ) دیا گیا ۔ ممکن ھے ھاؤز کو علم نہو ۔ میں بتادینا چاھتا ھوں کہ کاونسلر آف اسٹیٹ کی تنخواہ کے اخراجات سنٹرل گورنمنٹ برداشت کرتی ھے بجز ان چند مراعات اور سہولتوں کے جو ھر گورنمنٹ اپنے افسر کو دیتی ھے ۔ بقیہ کوئی ذمہ داری حیدرآباد گورنمنٹ پر نہیں ھے ۔ یہ چیز پبلک میں نہیں آئی ھے معزز ممبروں کو شاید اسکا علم نہو اس لئے میں نے اس کا تذکرہ ضروری خیال کیا حالانکہ یہاں اس پر بحث کا کوئی موقع نہیں ۔ کونسلر کا تقرر ضروری ھے یا نہیں اس پر رائے کا اظہار ھوسکتا ھے ۔ ظاھر ھے کہ یہ عام خواھش ھوگی کہ ایسی فضا پیدا ھو جائے اور ایسا موقع جلد سے جلد ھاتھ آجائے جب کہ اس کی ضرورت محسوس نہو ۔ میں یقین دلانا چاھتا ھوں کہ گورنمنٹ آف انڈیا بھی یہی چاھیگی کہ حیدرآباد اسٹیٹ میں جلد سے جلد ایسی فضا پیدا ھوجائے کہ اڈوائیزر ( Adviser ) یا کونسلر ( Counsellor ) کے تقرر کی ضرورت محسوس نہو ۔ اگر آپ یہی رائے رکھتے ھیں تو میں ھاؤز کے دونوں جانب سے اپیل کرونگا کہ آپ جلد سے جلد ایسی فضا اور حالات پیدا کریں ۔ اس سے بڑھکر میں اس سبجکٹ ( Subject ) پر کچھ کہنا نہیں چاھتا ۔

دوسری چیز یہ کہ فینانشیل انٹیگریشن ( Financial integration ) کا ذکر کیا گیا ۔ میں سمجھتا ھوں کہ اسکی نسبت اختلاف رائے کی گنجائش نہیں ۔ یہ واقعہ ھے کہ جس وقت اسٹیٹ کا فینانشیل انٹیگریشن سنٹرل گورنمنٹ کے ساتھ ھوا تو اس وقت ھم موجود نہ تھے ساری چیزوں کا تصفیہ پہلے ھی ھوچکا تھا ۔ اسکے یہ معنی نہیں کہ حیدرآباد اسٹیٹ کے اوس وقت کے فینانس منسٹر شری سی ۔ وی ۔ ایس ۔ راؤ نے اس اسٹیٹ کے فینانشیل رائیٹس ( Financial Rights ) کی حفاظت کرنے کی کوشش نہیں کی ۔ انہوں نے پوری کوشش کی ۔ اگر اوس وقت پاپولر گورنمنٹ (Popular Government)

یا کمپوزٹ گورنمنٹ ( Composite Government ) ہوتی اور ہم میں سے کوئی ہوتا تو ہم گورنمنٹ آف انڈیا سے دوستانہ لڑائی لڑلیتے اور ممکن ہے اسٹیٹ کے لئے کچھ زیادہ حاصل کرلینے کا موقع سلجاتا - آج بھی ہمیں وہ موقع حاصل ہے - حیدرآباد اسٹیٹ بھی گورنمنٹ آف انڈیا کا ایک کمپوننٹ پارٹ ( Component part ) ہونے کی حیثیت سے اس پانچ سالہ منصوبہ کو جسے گورنمنٹ آف انڈیا نے منظور کیا ہے آگے بڑھانے میں ہاتھ بٹائےگی - اس طرح خود اسکو بھی آگے بڑھنے کا کافی موقع ملیگا - بہر حال یہ سجیشنس ( Suggestions ) ہیں - آنریبل فینانس منسٹر کے پاس یہ ساری چیزیں موجود ہیں - یقین رکھیئے کہ گورنمنٹ آف انڈیا سے انہیں جو مراسلت اور کارروائی کرنی ہے وہ کرینگے اور اس طرح جو سہولتیں زیادہ سے زیادہ حاصل ہونگی ان سے نیشن بلڈنگ ڈپارٹمنٹس ( Nation Building Departments ) کو مستفید ہونے کا موقع دیا جائیگا -

چند چھوٹی چھوٹی باتوں کی طرف اشارہ کیا گیا - میں نہیں چاہتا کہ ان کےلئے زیادہ وقت لیکر تفصیلات بیان کروں - میں صرف ایک بات کہکر اپنی تقریر ختم کرنا چاہتا ہوں وہ یہ کہ نئی گورنمنٹ نے خاص حالات اور سرکمسٹانسز ( Circumstances ) کےتحت یہ ذمہ داری قبول کی ہے - وہ ایک مقصد لیکر آئی ہے اور اسکو آگے بڑھانا چاہتی ہے - وہ مقصد وہی ہے جو آپکا بھی ہوسکتا ہے - البتہ یہ ممکن ہےکہ ہاؤز کےاوس جانب اور اس جانب کے ممبرس کے سوچنے کے طریقوں میں کچھ پھیر ہو - کچھ بنیادی فرق ہو - میں اسے تسلیم کرتا ہوں لیکن میں یہ کہونگا کہ حیدرآباد کو صحیح معنوں میں ایک ولفیراسٹیٹ ( Welfare State ) بنانے کےلئے سب سے پہلے ہمیں اپنے ذہنوں کو صاف کرلینے کی ضرورت ہے - گورنمنٹ کے خلاف ایک محاذ تیار کرکے اس محاذ کو طاقتور بناکر اور مقابلے کےلئے مجبور کرکے کوئی چیز حاصل کرنا چاہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک ایڈیولاجیکل ڈفرنس ( Ideological difference ) ہوگا - اس کا فیصلہ آپ اپنے دل میں کریں کہ کیا یہ مناسب طریقہ ہے - جہاں تک عملی کام کا تعلق ہے اس کی بھاری ذمہ داری سب پر عائد ہوتی ہے - ہم نے ایک بھاری ذمہ داری کو سویکار کیا ہے اگر اس کو اچھی طرح سے نباھنا چاہیں اور بہتر طریقہ سے سبکدوش ہونا چاہیں تو اپوزیشن پارٹیز ( Opposition parties ) کی نیتی یہ ہونی چاہیئے کہ وہ ہمارے ارادوں کو آگے بڑھانے میں ہمارا ساتھ دے - (Consistent with their ideologies) جو پروگریسیو (Progressive) چیزیں وہ لانا چاہتے ہیں یہاں لائیں - ہم بھی چاہتے ہیں کہ ٹیننٹس ( Tenants ) کو مالک اراضی بنایا جائے - ہم بھی ٹلر ( Tiller ) کو پروپرائیٹر آف دی لینڈ (Proprietor of the land) بنانا چاہتے ہیں - ہم نے جب اسکا ایک دستوری طریقہ نکالا تو اسکی مخالفت کی گئی - امپلیمنٹیشن ( Implementation ) میں روڑے ٹکائے گئے - ہم نے پٹہ داروں کو مجبور کیا کہ وہ اپنی زمینات قولداروں کو بیچ دیں - فیر پرائس (Fair price ) میں بھی کمی کرکے اسے پانچ گنا کی بجائے تین گنا کردیا

گیا - جب ہم اس کے اسپلی منٹیشن کے سلسلہ میں کاشتکاروں کو رضامند کرتے ہیں تو
انہیں یہ کہکر بہکا دیا جاتا ہے کہ چھ مہینے کے اندر یہ زمینات خود بخود فری (Free)
ملجائینگی تم پیسے دیکر کیوں خریدتے ہو - اس طرح انہیں خریدنے سے روکا جاتا ہے -
یہ پروپیگنڈہ ہر جگہ مخالف پارٹی کا ہر رکن کر رہا ہے - ایک طرف کہا جاتا ہے کہ
پروگریسیو طریقے اختیار نہیں کئے جا رہے ہیں اور جب ہم کچھ کرتے ہیں تو اس طرح
کے روڑے اٹکائے جاتے ہیں - آپ کہتے ہیں کہ (Telangana is land problem)
پرودا (Pravada) میں ریڈ لیٹرس (Red letters) سے لکھا جاتا ہے اور
ہمارے معزز دوست تالیاں بجاتے ہیں - کیا یہی طریقہ ہوتا ہے پرابلم کے حل کرنے کا؟
رویہ یہ ہونا چاہئے کہ لیجسلیٹیو ممبرس کی حیثیت سے اور ایک سیاسی جماعت سے تعلق
رکھنے کی حیثیت سے حکومت پر دباؤ ڈالیں اور حکومت کے قوانین کے چلانے میں مدد
کریں - ایک ایک قدم آگے بڑھایئے - یہ کہاں کا اصول ہے کہ مارینگے تو آسمان پر ہی
چھلانگ مارینگے ورنہ نہیں چلینگے ؟ دس قدم تو ہمارے ساتھ چلئے - آپ کہتے ہیں
کہ ۲۰ قدم چلینگے - میں کہونگا کہ پہلے دس قدم تو چل لیجئے اسکے بعد باقی پندرہ
قدم کے لئے بھی کوئی بہتر راستہ نکل آئیگا - آپ کہتے ہیں کہ حکومت کوئی پراگریسیو
(Progressive) کام نہیں کرتی - آپ کا خیال یہ ہے کہ پیپلس
ڈیموکریسی قائم ہو - لیکن اسکے لئے اگر آپ حکومت کی بنیادیں کھودنے میں اپنی
ساری انرجیز (Energies)، ساری توانائیاں ضائع کردیں تو آپ کا یہ اصول آپ
کومبارک - اگر ایسا نہیں اور تلنگانہ کی رعایا کو حقیقی فائدہ پہنچانا چاہتے ہیں
تو میں آپ سے اپیل کرتا ہوں کہ اپنا رومانٹسزم (Romanticism) چھوڑ دیں -
حقیقت پسندی کے راستے پر چلیں - گورنمنٹ کے موجودہ طریقہ کار میں مدد دیتے ہوئے
لیجسلیچر کے ذریعہ پریشر (Pressure) ڈالیں تو ہماری حکومت اسے قبول کرے گی -
میں اس اپیل کے ساتھ اپنی لمبی تقریر کو ختم کرتا ہوں - مجھے امید ہے کہ میری یہ
اپیل ضائع نہ ہوگی -

*Hon'ble Shri V.B. Raju* (Labour Minister) : Mr. Speaker, Sir, I would not have taken the time of the House, if the Leader of the House had not left something to me. Without taking much time, I would like to remove the wrong impression created by the Hon'ble Member from Ippaguda. The Hon'ble Member has mentioned about the Shahabad strike, The Aurangabad episode and the misery in Osmanshahi Mills. As the Leader of the House has just now analysed, things are glorified to mislead public opinion. If the Government through the Home Department had taken any action against anybody in the industrial field, it is not because a particular individual is a Trade Unionist but a political saboteur. That individual, who found it convenient to exploit the situation for political ends, really deserved that and deserves even now. It has become a fashion of the day to take, time and

again, the name of labour. My sympathies go to the labour, who, in their unfortunate conditions, are misled by the slogans and are being exploited.

To place the facts before the House about the Shahabad strike: It was on the 21st January that the economic demands of the workers were referred to the Tribunal constituted under the Industrial Disputes Act which was the proper machinery to get equity and justice for the workers. But the leaders of the workers— the leaders of 3000 unfortunate workers—to establish or to impose their leadership, misled the workers on the 22nd to go on strike on the issue of recognition. Recognition, for whom? Recognition, not for the workers' rights;—recognition, not for the workers' right of working—; but recognition, for leadership. But no Government can be expected to aid or support or impose a particular leadership on workers. No Government can afford to take a partisan attitude to impose the All Hyderabad Trade Union Congress on the Shahabad workers. I would like to bring to the notice of the Hon'ble Members of the House that there has already been a registered Trade Union affiliated to the Hyderabad Mazdur Sangh. Is it the demand of the All Hyderabad Trade Union Congress that the armed forces of Hyderabad should be used against the management for coercion, to recognise X, Y, Z of the All Hyderabad Trade Union Congress to be the accredited and permanent leaders of the Shahabad workers?

*Shri V.D. Deshpande* : Take plebiscite.

*Hon'ble Shri V.B. Raju* : So, this matter has got to be very carefully considered by the Trade Unionists. The Hon'ble Member moved an amendment to reduce the expenditure on the Labour Department which is already very meagre. It is a token cut meant only to change the policy of the Government in labour matters. I would like to say a few words about the labour policy of the Government. The Government stands for a fair wage; it has committed itself and it is working in that direction. The Government desires that the working conditions in factories should be congenial, healthy and should contribute to the welfare of the workes and that they should not leave a strain on the physical conditions of the workers. The policy of the Government is a positive one to encourage Trade Union movement and the Government's policy is never to place the management on the shoulders of the workers. I can just quote in one minute how the Government's policy has been implemented in profit-sharing even. In the year 1951-52 and the six months earlier thereto, *i.e.*, in these 18 months, 32 lakhs of rupees were distributed among 28,000

workers as bonus, extra-wages, and increased dearness allowance, and all this was done through the machinery of the Industrial Tribunals against which voice has been raised in this House. The Industrial Tribunal is criticised as though it is an impediment in the exercise of the rights of the workers, but in the same Shahabad affair, after having conducted the strike for about 15 to 20 days, the Union came with a demand that the recognition issue should be referred to the Tribunal. If the All Hyderabad Trade Union Congress has no faith in the Industrial Tribunal, why this application ? And now today, I hear in this House that the Government has taken a partisan attitude. But I am prepared to produce a letter written by the President of the Workers' Union, appreciating the Government in handling the situation. Is it not, Sir, to just mislead the opinion of the House against the Budget proposals ? I would have been very glad to know if concrete proposals were placed as to what the policy of the Government should be. Recognition is a matter between the employers and employees, to be secured through good relations. Those great revolutionists, who never recognised the employer, who always wanted that workers' unity should overthrow the management and take the industry in their hands, today ask the Government or request the management to recognise them. What is to be recognised ? The workers are working there. A union, by its functioning, automatically, gets its recognition. It is not by appeal. It is not necessary at all. Even the Government was thinking how, when there is only one Union, recognition, if desired, could be secured and then, where there are more than one union functioning in the same industrial unit, how recognition can be secured for a Trade Union. These are all matters which need to be discussed around the table among the different interests. So I would like to remove the impression created in the House by referring to the Shahabad strike. The Government has gone to the extent of satisfying the workers' desire, in that no victimisation would be made if they resumed work. The workers' representatives saw me ; they desired only this : that, if they resumed work, no victimisation should take place. I said the Government stands for the workers ; the Government would protect the workers ; when the Management wanted to pick and choose, the Government intervened and said ' no picking and choosing '. The workers have shown a good gesture by resuming duty. Other industries also suffered on account of the Shahabad strike ; so many other workers in other industries are going to be unemployed ; a closure-notice was given in the Asbestos Cement Works ; much of building work stopped and so much confusion was created. What for is this confusion ? It is not for economic ends or better remuneration ; it is not for better wages ; it is not for better dearness allowance ;

but it is for recognition of leadership. This, I wanted to make clear in regard to the Shahabad strike.

About the Aurangabad affair, the instance quoted by the Hon'ble Member with reference to Mr. Maqdoom Mohiuddin did not happen during the 18 month's regime when the Congress Ministers were in office. I might have to get the information why and when he was arrested.

Then about the Osmanshahi Mills : If I am correct—because I have to give facts and figures—a dearness allowance of Rs. 36 is being paid to the lowest-paid worker. Rs. 36 compared to the dearness allowance paid in other concerns or for that matter anywhere, excepting one or two establishments like the Charminar, where Rs. 40 are paid, happens to be the second highest. The Government is always ready, if the industry is capable of paying, to see that the workers do get it. Even assuming they did not receive in the shape of dearness allowance, in many cases when there was profit, and there arose any dispute in respect of profit-sharing, Tribunals were constituted for getting the benefit to the workers by way of bonus. For linking up dearness allowance with the cost of living index the Hon'ble Member himself has stated that a Committee has been constituted. Linking up can not be done in a day. A committee from the Labour Advisory Board has been constituted to work and suggest to the Government. So these are all administrative matters which take some time but which have no relation with the policy. I might have been glad if major policies had been discussed when the general discussion on the budget is going on instead taking up small issues and ridiculing the Government in this manner. I can say with sufficient authority that the policy of the Hyderabad Government is to encourage Trade Union Movement but not to leave the workers, or drive the workers, into the laps or to the mercy of political parties. The Hyderabad industry should be saved from being ruined. This, I wanted to make clear.

Then about rationalization and retrenchment : As already the Leader of the House has mentioned, every small petty thing is being exploited as though it is a policy. Can anybody today say with authority that there had been a large scale retrenchment in the industrial sector ? Even in the matter of rationalization, the Government has advised managements that whenever they takeup rationalization schemes, their expansion schemes should be linked up with the rationalization scheme so that the surplus labour may be employed in the expansion schemes. The matters are being handled Scientifically. The Government has gone

a long way in endeavouring to secure yearly agreements between the managements and the workers so that the security of employment during that period is always assured. Till now I have not heard, except today that the Government of Hyderabad had taken a partisan attitude. The duty of the Government and the policy of the Government is to hold the scales even, not only between the employers and the employees but also between the influences of the different political parties that exert upon the workers. It is a very difficult task. Where, in the name of labour, labour voice is suppressed, it is no Government. But this is a democratic set-up of Government and here the labour voice is not suppressed. In the name of labour, labour voice is not being suppressed and that is the policy of the Government.

شری عبد الرحمن ( ملك پیٹھ ) - میں اپنی ذمہ داری کے احساس اور دیانت کے ساتھ یہ کہہ سکتا ہوں کہ میرا نہ تو کمیونسٹ پارٹی سے تعلق تھا اور نہ ہے - لیکن تلنگانہ ڈیفنس کمیٹی اور پیپلس ڈیفنس کمیٹی کے ایک ممبر کی حیثیت سے مجھے کئی کمیونسٹوں کے مقدمات میں پیروی کا موقع ملا - اس لحاظ سے میں یہ کہونگا کہ آنریبل چیف منسٹر نے ابھی اپنی تقریر میں جن دستاویزات کا حوالہ دیا ہے ایسی کوئی دستاویز یا اسکی ایک سطر کا کوئی مضمون بھی کسی عدالت میں پیش نہیں کیا گیا - میں سمجھتا ہوں کہ ایسے دستاویزات کو ایوان کے سامنے پیش کرنے سے شبہات اور اندیشے پیدا ہوتے ہیں اور غلط فہمیوں کا امکان ہے - اگر واقعی وہ دستاویزات معرض وجود میں آئے ہوتے تو کسی نہ کسی مقدمہ میں عدالت میں پیش کئے جاتے - میرے خیال میں بعض جاگیردار یا سماج دشمن عناصر نے ایسا مضمون تراش کر حکومت کو فراہم کیا ہے اور ہماری معصوم حکومت گمراہ ہوگئی اور یہ خیال کررہی ہے کہ یہ کمیونسٹوں کی پالیسی ہے - اس لحاظ سے میں ایوان سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ غیر صحیح اور تراشیدہ دستاویزات پر بھروسہ نہ کریں - مجھے معلوم ہے ایوان میں بہت سے لائق وکلاء ہیں اور کمیونسٹوں کے مقدمات میں پیروی کر چکے ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ کوئی وکیل اسکی تائید نہیں کریگا کہ ایسے دستاویزات کا بھی وجود ہے جو آج تک عدالت میں پیش نہ کئے گئے ہوں - ایسی باتوں سے ان لوگوں میں غلط فہمی پیدا ہونے کا امکان ہے جو طبقہ وکلاء سے تعلق نہیں رکھتے میں ایوان سے درخواست کرتا ہوں کہ ان دستاویزات پر بھروسہ نہ کرے - جو بجٹ پیش کیا گیا ہے وہ پولس بجٹ ہے اس اعتراض سے بچنے اور بجٹ کو منظور کرانے کے لئے یہ دستاویزات پیش کئے گئے ہیں - یہ بھی کہا جاتا ہے کہ کمیونسٹ اپنے ہتیار واپس کردیں میں بھی اس کا موئد ہوں - میں بھی چاہتا ہوں کہ ہتیار واپس کردیئے جائیں مگر میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا انہیں ہتیار کے داخل کرنے کی سہولتیں بھی دیگئی ہیں ؟ کیا علاؤالدین کا چراغ تو ان کے ہاتھ میں نہیں دیا گیا ہے ؟ کیونکہ ان کے خلاف کئی پابندیاں ہیں - اور وارنٹ ہیں - وہ منظر عام پر نہیں آسکتے - اگر علاؤالدین کا چراغ انکے ہاتھ میں دیا جاکر یہ مطالبہ کیا جاتا تو وہ آپ کے بتائے ہوئے مقام پر ہتیار لاکر رکھدیتے -

اگر آپ اونکو قانونی سہولتیں دیکر مطمئن کردیتے تو آپ کا مطالبہ ٹھیک اور مناسب ہوتا ۔ اگر آپ اسی طرح بجٹ کو بجائے ”پولیس بجٹ ،، کے ایک عوامی بجٹ بناتے اور مسایل حل کرنیکے لئے سہولتیں فراہم کرتے تو یقیناً آپکو اپوزیشن پارٹی کی صد فی صد تائید حاصل ہوتی ۔

ان مختصر جملوں کے ساتھ میں اپنے فاضل دوست آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن کی پیش کردہ ترمیم کی تائید کرتا ہوں ۔

مسٹر اسپیکر ۔ میں یہ اعلان کردینا چاہتا ہوں کہ آج کا اجلاس آٹھ بجے برخاست کیا جائیگا ۔

شری لکشمن باپو جی کنڈا ( آصف آباد ۔ عام ) ۔ شری اسپیکر جی ۔ امنڈمنٹس کے سلسلے میں کافی کہا گیا ھے ۔ میں نے پرسوں بھی کہا تھا اور آج بھی اپنے وچار پیش کرنا چاھتا ھوں ۔ پولیس کے بارے میں جتنے سخت وچار اپوزیشن پارٹی کے ممبروں کے ھیں ان سے بڑھکر ھمارے ھیں لیکن اس کی وجہ سے اصل مسائل کو بازو نہیں رکھا جاسکتا ۔ اس مسئلہ پر اکثر آنریبل ممبروں نے کافی روشنی ڈالی ھے میں ان خیالات کو دھرانا نہیں چاھتا ۔ اپوزیشن پارٹی کے آنریبل ممبرس نے تقریر کرتے ھوئے تشدد اور دھشت کے واقعات کو شخصی تشدد بتایا ۔ میں سمجھتا ھوں کہ یہ حقیقت پر پردہ ڈالنا ھے ۔ ایک نہیں کئی ایسے واقعات ھیں کہ آرگنائزڈ بیسس (Organised basis) پر دھشت پھیلائی گئی ۔ دھشت کے مختلف طریقے اختیار کئے گئے ۔ تنظیم کے آرگنائیزرس ( Organisers ) اور لیڈرس کی جانب سے یہ کہنا کہ دھشت پسندی کو ھمنے روکدیا ھے یا ختم کردیا ھے غلط ھے ۔ گذشتہ چند مہینوں کے اخبارات کو دیکھنے سے پتہ چلتا ھے کہ دھشت پسندی روکدی گئی ھے لیکن حالات سے اس کا یقین نہیں ہوتا ۔ جب ونوباجی نے تلنگانہ کا دورہ کیا اس سمئے دھشت پسندوں کے لیڈروں سے ان کی گفتگو ھوئی ۔ انہوں نے دھشت پسندی کے طریقوں کو واپس لینے کےلئے کہا لیکن نہیں مانا گیا ۔ ان چند باتوں سے صاف طور پر ظاھر ھوتا ھے کہ وہ کوئی شخصی بات نہیں ھے بلکہ گوریلہ لڑائی ھے ۔ یہ موھمنٹ اس زمانہ میں شروع ھوا تھا جبکہ میں بھی کسی نہ کسی طرح ان کے ساتھ تھا ۔ میں یہ کہنے کی جرات کرتا ھوں کہ پولیس ایکشن کے ھونے تک میں اپوزیشن پارٹی کا ایک ساتھی رھا ھوں ۔ یہی نہیں بلکہ آنریبل ممبرس اور انکے ساتھیوں نے ( جو یہاں نہیں ھیں ) جو دھشت انگیزی پیدا کی تھی ھم نے ان سے کچھ کم نہیں کیا بلکہ ان سے زیادہ طریقے اختیار کئے ایسے جذبات رکھنے والے ھماری بنچس پر بھی کافی ھیں اس کا خیال رھے ۔ میں یہ اس لئے کہہ رھا ھوں کہ آپ یہ نہ سمجھ لیں کہ ھندوستان کی بھلائی کا خیال صرف ایک سکشن میں ھے ۔ نظام کی حکومت کے خلاف جن قوتوں نے اسٹرگل کیا تھا وہ آج یہاں موجود ھیں ۔ کانسٹی ٹیوشن کے تحت نظام کے راج پرمکھ بنجانے کی وجہ سے ھم اگر ان سے نفرت نہ کریں تو یہ نہ سمجھنا چاھئے کہ ھم ”سابقہ نظام ،، کی تائید میں تھے ۔ اسوقت

کے " نظام ،، کو ختم کرنے کی کوشش کا ہم پر الزام عائد ہوا تھا اور جسکو زیادہ سے زیادہ سزا یعنی سولی کی سزا ملی تھی وہ بھی اس ہاؤز کی گیلری میں موجود ہیں - یہ ایسے ہی لوگ ہیں جو اپوزیشن کی پارٹی میں نہ تھے - میں یہ واضح کردینا چاھتا ہوں کہ صرف اپوزیشن ہی میں ریولیوشنری ( Revolutionary ) ذہنیت کے لوگ نہیں ہیں بلکہ کانگریس اور ٹریژری بنچس ( Treasury Benches ) میں بھی ایسے خیال کے لوگ موجود ہیں - آپ کو چاھئیے کہ جو لوگ ریولیوشن کو شانتی کے راستے سے لانا چاھتے ہیں ان کا سواگت کریں - اس کے بجائے دوسرے راستے اختیار کرکے اشانتی پیدا کرنا میں سمجھتا ہوں پروگریسیو ( Progressive ) طریقہ نہیں ہے-

ایک معزز ممبر نے کہا کہ انہیں کمیونسٹوں کے مقدمات میں پیروی کرنے کا موقع ملا ہے اور انہوں نے ایسی چیزوں کو نہیں دیکھا - میں بھی فخر کے ساتھ یہ کہہ سکتا ہوں کہ میں نے بھی بہت سے کمیونسٹوں کے مقدمات میں پیروی کی ہے اور وہ بھی ٹاپ رینکنگ ( Top-ranking ) کمیونسٹ لیڈروں کے مقدمات کی پیروی کی ہے اور انہیں چھڑوایا ہے - میں نے ایسے مقدمات بھی لئے ہیں جنہیں کوئی وکیل لینے کی ہمت نہیں کرتا تھا - اوس وقت کے حالات کے لحاظ سے میں نے اسے مناسب سمجھا - پولیس ایکشن تک میری پوری ہمدردیاں انکے ساتھ تھیں - پولیس ایکشن کے بعد بھی کچھ عرصہ تک میری ہمدردیاں انکے ساتھ رہیں اب بھی میری ہمدردیاں دوسری شکل میں انکے ساتھ ہیں - پولس ایکشن کے بعد بھی انہوں نے میری سرویسز (Services) طلب کیں - میں نے کہا کہ آپ سیاسی انقلاب لانا چاھتے تھے وہ آچکا اب تو آگے کے لئے مل جلکر بیٹھئیے اور دہشت پسندانہ طریقے چھوڑ دیجئیے تو میں سب سے پہلا آدمی رہونگا جو آپ کے مقدمات میں پیروی کرونگا - مجھے افسوس ہے کہ وہ اس پر راضی نہوئے اور وہ دہشت پسندی چھوڑنے تیار نہیں تھے اس لئے میں ان سے دور رہا - میں اپوزیشن پارٹی کو یہ وشواس دلاتا ہوں کہ ہم جاگیرداری اور زمینداری کو ہرگز پسند نہیں کرتے - واضح رہے کہ خود کانسٹی ٹیوشن میں کامپنزیشن ( Compensation ) دینے کے اصول کو طے کرکے یہ مسئلہ حل کردیا گیا ہے- اسیطرح چونکہ نظام نے بھی راج پرمکھ کی کانسٹی ٹیوشنل ( Constitutional ) حیثیت اختیار کرلی ہے اس لئے ان کی اس حیثیت کے خلاف بھی کچھ نہیں کہا جاسکتا - ہوسکتا ہے کہ ہم انہیں پسند نہ کرتے ہوں - لیکن اسکے حل کا یہ صحیح طریقہ نہیں ہے- دہشت پسندی کی بجائے گورنمنٹ سے رکوسٹ ( Request ) کیجائے اور یہ سوال سیاسی مسئلہ کے طورپر حل کیا جائے - میں نہیں سمجھتا کہ شخصی سیاست جو دہشت کی شکل میں ہو ملک میں کوئی خاص حیثیت رکھتی ہے-

آنریبل ممبر نے کہا کہ کیا ہتیار ڈالنے کے بارے میں کوئی موقع دیا گیا ہے - ہتیار ڈالنے کے بارے میں واضح کردیا گیا - اخبارات میں خبریں چھپیں - احکامات جاری کئیے گئے - مقامات اور تاریخوں کا اعلان کردیا گیا لیکن دہشت پسندوں کی جانب سے

کسی آمادگی کا اظہار نہیں ہوا - ہتیار واپس نہیں ہوئے - اس سے ظاہر ہے کہ ذہنیت میں فرق نہیں ہوا ہے - میں اپوزیشن کے آنریبل ممبروں سے کہوں گا کہ دہشت پسندی چھوڑ دیجئے اور آئیے اپنے ملک کی خدمت کے لئے یکجا بیٹھکر سوچینگے اور ساری قوتوں کو اکھٹا کرکے کنسٹرکٹیو ( Constructive ) طریقے سے کام کریں گے - آپ کو ہم سے جو بنیادی اختلاف ہے اسے ختم کرنے کی ضرورت ہے - اگر آپ ہندوستان کی بھلائی چاہتے ہیں تو نیک نیتی سے آگے بڑھئے - آج جنتا کو اڈلٹ فرنچائیز ( Adult Franchise ) کے تحت اپنے نمائندے چننے کا موقع ملا ہے - جب آپ کی تعداد ۵۰ فیصد سے زیادہ ہے تو ڈرنے کی کیا بات ہے - کیا چند جاگیردار یا زمیندار آپ کو نقصان پہنچا سکتے ہیں ؟ یا آپ پر حکومت کر سکتے ہیں ؟ چونکہ آرمس کے ذریعہ ریولیوشن ( Revolution ) نہیں آیا ہے اس لئے حالات میں یکدم تبدیلی ہونا ممکن نہیں - اس میں شک نہیں کہ پولیس کے بارے میں شکایات ہیں میں آنریبل ہوم منسٹر سے پرارتھنا کرونگا کہ وہ پولس کے رویہ میں اصلاح کریں - پولیس میں پبلک کی خدمت کا جذبہ ہونا چاہئے - اس کے برخلاف وہ ڈنڈا چلانے کی پالیسی پر عمل کرتی ہے - مجھے آنریبل ہوم منسٹر سے توقع ہے کہ وہ نہ صرف پولیس میں کافی سدھار کرینگے بلکہ جیل کے انتظامات بھی درست کرینگے - اپوزیشن کا یہ خیال کہ پولیس کے بجٹ میں جو رقم رکھی گئی ہے وہ انکے خلاف استعمال کیجانے والی ہے صحیح نہیں ہے - جیلوں میں جو ریفارمس وہ چاہتے ہیں وہ ضرور ہونے چاہئیں - جیل خانوں میں کنسٹرکٹیو بیسس ( Constructive Basis ) پر قیدیوں کو سدھارنے کیلئے کئی اسکیم ضروری ہیں - سیاسی قیدیوں سے ہٹکر بھی چوری ڈکیتی اور قتل کرنے والے ایسے کئی مجرم ہیں جنکا سیاسی مسائل سے تعلق نہیں ہوتا - سدھار اسی وقت ہوسکتا ہے جب پبلک بھی اپنی ذمہ داری محسوس کرے - پولیس کو کرپشن (Corruption) میں لانے والی پبلک ہے یا وہ جاگیردار اور زمیندار ہیں جو عوام سے پیسہ لوٹ کر دہشت پسندوں سے بچنے کے لئے پولیس کو دیتے ہیں اور خود مزے میں رہتے ہیں اور پرجا دونوں طرف سے پٹی جاتی ہے - اس طریقے کو بدلنے کی ذمہ داری بھی پبلک پر ہے - پولیس کے مظالم کے خلاف میں نے احتجاج کیا ہے اور سابقہ گورنمنٹ کو بھی اسبارے میں توجہ دلائی تھی - محض مخالفت کرنے سے ہم کوئی چیز حاصل نہیں کر سکتے بلکہ ہمیں کنسٹرکٹیو بیسس ( Constructive Basis ) پر معاملات سلجھانا چاہئے - اس کے لئے لازمی ہے کہ اپوزیشن بنچز کے آنریبل ممبرس اپنے آوٹ لک ( Outlook ) اور اٹیٹیوڈ ( Attitude ) میں تبدیلی کریں اور اسطرح تاریخ کا ایک اور نیا صفحہ کھولیں - میں تو سمجھتا ہوں کانسٹی ٹیوشن کے آنے کے بعد ایک نیا صفحہ تو کھولا جاچکا ہے - الکشن کے بعد دوسرا صفحہ بھی کھل گیا - اسمبلی میں آنے کے بعد تیسرا صفحہ بھی کھولدیا گیا ہے - اب چوتھا صفحہ اپوزیشن کو کھولنا چاہئے میں یہ یقین دلاتا ہوں کہ جتنی تبدیلی آپ کے رویہ میں ہوگی ہم زیادہ سے زیادہ قریب تر آینگے - ہم سب متحد ہوکر فیوڈل الیمنٹس (Feudal Elements) کو بہت جلد ختم کرسکتے ہیں -

ٹکسٹائیل ملوں کے بارے میں آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن نے کہا کہ مزدوروں کو اسٹرائیک کرنے نہیں دیا جاتا ۔ احکام ممانعت میں چھ چھ مہینے کی توسیع کیجاتی ہے۔ لیکن واضح رہے کہ ان ملوں کا تعلق سوت سے ہے۔ جب لاکھوں غریب بافندوں کو کافی سوت نہیں ملتا اور ان کا یہ مطالبہ ہے کہ سوت زیادہ سپلائی کریں تو ایسی صورت میں مزدور اسطرح ہڑتالیں کرتے رہے تو لاکھوں غریب بافندے بھوکے مرجائینگے ۔ ایک مزدور کی خاطر دوسرے مزدوروں کو گڑھے میں نہ ڈالئے ۔ مزدور صرف وہی نہیں جو کارخانوں میں کام کرتے ہوں ۔ گاؤں میں جو ماگ پر زندگی گذارتے ہیں وہ بھی مزدور ہیں ۔ سب کو ایک سطح پر لانا ہے۔ سب کو پیش نظر رکھکر کام کرنا ہے۔ حکومت پر صرف تنقید کرنے سے مسائل حل نہیں ہوتے۔ اعتراضات کردینے سے ذمہ داریاں ختم نہیں ہو جاتیں ۔ تین مہینے کے بعد ۔ ہمارے سامنے روائیزڈ بجٹ پیش ہوگا ۔ اس وقت ہم غور کریں گے کہ وہ بجٹ کن خوبیوں کا حامل ہے۔ آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن یہ محسوس کریں کہ موجودہ منسٹری کو ادھیکار سنبھالے چندھی دن ہوئے ہیں ۔ آناً فاناً تبدیلیاں نہیں کی جا سکتیں ۔ تین مہینے کے بعد جو بجٹ پیش ہوگا اس پر تفصیل سے غور کیا جا سکے گا ۔ ان حالات میں آشا کرتا ہوں کہ جو امنڈمنٹس پیش کئے گئے ہیں وہ واپس لے لئے جائیں گے ۔

شری پاپی ریڈی (ابرهیم پٹن- عام) ۔ مسٹر اسپیکر سر ۔ میں اپنے امنڈ منٹ پر تبصرہ کرنے سے پہلے آنریبل چیف منسٹر اور گورنمنٹ بنچز کے خیالات کے بارے میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ اس پارٹی کا ہر ممبر یہ کہتا ہے کہ پولس کے بجٹ میں اضافہ کے ذمہ دار ہم لوگ ہیں اور آنریبل چیف منسٹر کو یہ اعتراض ہے کہ ہم پچھلے چار سال سے جنگ لڑرہے ہیں ۔ لیکن آپ اس کو بھول جاتے ہیں کہ اتنی بڑی وار آپ نے لڑی ۔ فری فائرنگ کی گئی ۔ کروڑھا روپیہ آپ نے صرف کیا ۔ غریبوں اور بیگناہوں کو قتل کیا ۔ کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ ان سب باتوں کے ذمہ دار کون لوگ ہیں ۔ آپ اپنے فرض کے احساس کے ساتھ کہیں ۔ کئی لوگوں کو دنیا سے دور پہنچادیا گیا ۔ منظر عام پر گولیاں ماری گئیں۔ ابھی سانس بھی نہیں جانے پائی کہ لکڑیاں جمع کر کے چتا بناکر اس کو جلا دیا گیا ۔ کیا یہی جسٹس ہے؟ کیا اسکو اھمسا کہتے ہیں؟ ۔ آپ نے مہربانی کرکے ہم پر مرڈر ( Murder ) اور ڈکیتی کے الزام لگائے لیکن آپ کی فورسس نے تو ریپس ( Rapes ) کو نیشنلائیز ( Nationalise ) کرلیا ہے۔ اس تین سال کے جیل کی زندگی کے بعد جب باھر نکل کر دیکھتا ہوں اور کسی گاؤں میں جاتا ہوں تو معلوم ہوتا ہے کہ ہماری ماؤں اور بہنوں کی عصمت پر آپ کے شیطانوں نے ہاتھ ڈالا ۔ وہ آج بھی موجود ہیں .........

*The Hon'ble Shri B. Ramakrishna Rao* (Chief Minister) : Speaker, Sir, I take strong objection to the reflections that are being made by the Hon'ble Member. I think it is not permissible to make such wild allegations. If my Hon'ble friend had

individual cases to cite, he should approach the proper authority and certainly, his complaints will be heard. But to make a wild allegation of this nature is beyond the purview of discussions during a budget session.

*Shri Papi Reddy* (Ibrahimpatnam-General) : Mr. Speaker, I am not insulting the House or any individual. I am criticising the policy pursued by the former Government.

*The Hon'ble Shri B. Ramakrishna Rao* (Chief Minister) : The Hon'ble Member said that the Government has nationalised the offence of rape. He did say that. I would ask the Hon'ble Member to withdraw that remark.

*Shri Papi Reddy* : I did not say the 'Government'. I said the 'forces'.

*The Hon'ble Shri B. Ramakrishna Rao* (Chief Minister) : Even then, it is objectionable, Sir.

*Mr. Speaker :* What do you mean by the 'forces'?

*Shri Papi Reddy* (Ibrahimpatnam) : I meant the 'police force', Sir.

*The Hon'ble Shri B. Ramakrishna Rao* (Chief Minister) : 'To nationalise the offence of rape', he said. It is a wild remark which is absolutely unparliamentary.

شری پاپی ریڈی - ''نیشنلائیز کرلیا ھے'' کے الفاظ استعمال کرنے پر۔ ۔ ۔ ۔

If the House thinks that it is an insult to the House, I would certainly withdraw my words.

*Mr. Speaker :* That is alright, you continue.

*Shri Papi Reddy* (Ibrahimpatnam-General) : But I want to emphasize again that there have been rapes.

اس چیز کی تحقیقات کرنے کی بجائے۔ ۔ ۔ ۔ ۔

*The Hon'ble Shri B. Ramakrishna Rao* (Chief Minister) : (Interrupting) The Hon'ble Member was himself a member of the Military and Police forces. He has retired and his remark is likely to be taken in all seriousness, when he says that the 'forces' of Government have nationalised the offence of rape, it is meant as a slur............

*Mr. Speaker :* When he says, that he has withdrawn the remark, I do not think we should dwell upon it.

*The Hon'ble Shri B. Ramakrishna Rao* (Chief Minister) : I am thankful to you, Sir.

شری پاپی ریڈی - میں هاؤز سے کہنا چاهتا هوں کہ ریپس کے کیسس هوئے هیں۔ اگر هاؤز تحقیقات چاهتا ھے تو اسپارشیل طور پر ........

مسٹر اسپیکر - آپ دوسرے پائینٹس پر بحث کریں تو مناسب ھے -

شری پاپی ریڈی - آپ یہ کہتے هیں کہ یہ جماعت دهشت پسند ھے۔ اکسپلائیٹ کررهی ھے لیکن میں آنریبل ممبروں سے عرض کرونگا کہ کسی ایک جماعت کی وجہ سے اتنی بڑی جنگ نہیں لڑی جاسکتی - آپ بھی سات سال سے مقابلہ کررهے هیں اور اپنا کروڑها روپیہ صرف کرچکے هیں - معصوم عوام کو هر طریقہ سے دبانے کی کوشش کیجارهی ھے۔ کسانوں کی مانگوں کو آگے بڑھانے اور انہیں دیسمکھ پٹیل پٹواریوں، جاگیرداروں اور زمینداروں کے مظالم سے بچانے کی بجائے ان کی کوشش کو آپ دهشت پسندی کہتے هیں - دوسری چیز میں ادباً یہ عرض کرونگا کہ آنریبل چیف منسٹر نے فرمایا کہ ( Every thing is fair in love and war ) میں کہونگا ایسا نہیں ھے - وار کے بھی انٹرنیشنل رولس هیں ( Internationl Rules ) قیدیوں کو بھی عزت سے رکھا جاتا ھے۔ ان کی بھی عزت کیجاتی ھے۔ اور یہ خیال رکھا جاتا ھے کہ وہ بھی سپاهی هیں - جنگ لڑے هیں۔ لیکن آپ نے اس انداز سے نہیں دیکھا - حیدرآباد کی تاریخ اسکا ثبوت دیگی کہ آپ کی جیلوں میں کیا کیا سلوک هوئے - معصوم عوام پر لاٹھیاں چلائی گئیں - اور پورا گاؤں پیٹا گیا - چنانچہ کل هی هاؤز میں ایک واقعہ کا ذکر کیا گیا کہ صرف ایک جھنڈے کی خاطر پورے گاؤں کے لوگوں کو مار پیٹ کی گئی - میری دلیل کا یہ مطلب ھے کہ یہ جو تحریک ھے ایک جماعت کی ھے ایک فرد کی نہیں - پورے کسان اور مزدور متحد هوکر بنیادی طور پر یہ موومنٹ چلا رهے هیں۔ اگر اس چیز کو هاؤز محسوس کرتا تو اسطرح کا بجٹ پیش نہ کیا جاتا -

اب میں هاؤز کی توجہ بجٹ کے اکسپلینیٹری میمورنڈم (Explanatory Memorandum) کے صفحہ ۱۲ کی طرف مبذول کرانا چاهتا هوں - اس میں خود گورنمنٹ کی جانب سے کہا گیا ھے کہ اس میں یونین پولس کے لئے بھی گنجائش ھے۔ دوسرے اسٹیٹس سے آئے هوئے پولس کے دو بٹالین کے لئے اس میں گنجائش ھے۔ اس میں سیونگ بھی ۳۰ لاکھ بتائی گئی ھے۔ میں یہ پوچھتا هوں کہ کیا حالات اتنے اکسٹرا آرڈنری (Extraordinary) تھے؟ کیا خون کی ندیاں بہہ رهی تھیں کہ ان بٹالینس کو رکھنے کی ضرورت محسوس هوئی۔ روائیزڈ بجٹ میں بھی کئی ایٹم بتائے گئے هیں - کئی ایسی چیزیں دوسرے پیجس (Pages) پر بھی بتائی گئی هیں۔ پچھلے سال بھی اتنی گنجائش رکھی گئی تھی جس میں سے ۳۰ لاکھ

کی بچت ہوئی فینانس منسٹر یہ کہتے ہیں کہ کئی فوجیں واپس کردی گئی ہیں اور کئی واپس کرنے والے ہیں - کیا اس سے صرف اتنی ہی بچت ہو سکتی ہے - اس پر ہم کیسے بھروسہ کریں - پچھلے سال بھی ایک کروڑسے زیادہ روپیہ آپ نے خرچ کیا ہے- کیا ان تمام باتوں کی ذمہ داری اپوزیشن ہی پر ہے آپ پر اسکی کوئی ذمہ داری نہیں ہے ؟ ذمہ داری اٹھایئے - ایسے حالات پیدا کیجئے کہ ہم سب آگے بڑھسکیں - آپ ساری ذمہ داری اپوزیشن پر عاید کرتے ہیں - چندلوگ موومنٹ نہیں چلایا کرتے - کوئی آدمی جان بوجھ کر اپنی جان خطرہ میں ڈالنا نہیں چاھتا - تلنگانے کے ایک کسان کو اسکی کیا ضرورت ہے کہ وہ اپنا گھر بار ھل اور کاشت کو چھوڑکر جنگلوں میں چلا جائے مسٹر دیشپانڈے کے یا میرے کہنے سے یا چند افراد کے کہنے سے کوئی دیہاتی اس بات پر آمادہ نہیں ہوسکتا - اس کی مشکلات ہیں اسکی پاورٹی ( Poverty ) ہے- جسکی بناء پر وہ مجبور ہوکر اپنے مسائل کو سلجھانے کے لئیے کوئی قدم اٹھاتا ہے -

دوسری بات یہ کہی گئی کہ صرف الکشن جیتنے کے لئے ایک چینج کیا گیا ہے - میں ہوم منسٹر اور انکے ساتھیوں سے یہ دریافت کرنا چاھتا ہوں کہ وہ لوگ پہاڑوں اور جنگلوں میں رھنے کے باوجود کیوں فائر نہیں کرتے اور کیوں آپکی فورسس کا شکار ہو جاتے ہیں ؟ کئی لوگ گولیاں کھاکر آپکے سامنے آتے ہیں - آپ کی فورسز نے ان پر گولیاں چلائی ہیں - اس میں شک نہیں کہ پولس آیکشن سے پہلے یہ لوگ لڑے ہیں- اور ضرور لڑے ہیں - آج بھی لوگ لڑرہے ہیں اس لئے کہ حکومت تو بدلگئی ہے لیکن حالات نہیں بدلے ہیں - کسانوں اور مزدوروں کو سہولتیں نہیں ملیں - آپ نے کہا کہ ٹیننسی ایکٹ کے ذریعہ سہولتیں بہم پہونچائی جارہی ہیں - لیکن یہ ٹیننسی ایکٹ ( Tenancy Act ) کیا ہے -یہ ایک آنکھ پونچھ اسکیم ہے - کیا وہ اسی کےلئے لڑے تھے ؟ ۱۰-۲ سال کے پرانے کاشتکاروں کو لیانڈ لارڈز بید خل کر رہے ہیں - ہزاروں بید خلیاں روز ہو رہی ہیں - کیا اس بجٹ کو ہمارے سروں پر لاد کر اسی سسٹم کو چلانا چاہتے ہیں ؟ آپ یہ کہتے ہیں کہ آپ ہی کی وجہ سے پولس رکھی گئی ہے - آپ نے ہمیں سلاخوں کے پیچھے بند کردیا-ہم برداشت کرتے رہے - کیا اس سے آپ کا گلٹی کانشینس(Guilty conscience) نہیں معلوم ہوتا ؟ ایک آنریبل ممبر نے کہا کہ شیر کو پنجرے میں بند کرنا ہی چاہئے ورنہ وہ حملہ کردیگا - شائد شیر سے آپ کو خود پر حملہ کا خوف ہے - میں پوچھتا ہوں کہ آپ کو گلٹی کانشینس رکھنے کی کیا ضرورت ہے ؟ آپ چاہتے ہیں کہ اپوزیشن پارٹی سے سکیورٹی ( Security ) لیں - لیکن آپ کو معلوم ہے کہ ہم کوئی اگریسیو ٹیکٹکس ( Aggressive tactics ) اختیار نہیں کرتے اور نہ کسی ڈپارٹمنٹ میں اس کا ایویڈنس ( Evidence ) موجود ہے - آپ کے ذمہ دار لوگوں نے اعتراف کیا ہے کہ گڑبڑ نہیں ہے تو پھر آپ کس چیز کی سیکیورٹی چاہتے ہیں ؟ آپ کو کسطرح اطمینان دلائیں ؟ میں کابینہ کے ممبروں سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا ہم اپنے خون سے سیکیورٹی لکھکر دیں یا جاکر پینجرے میں بند ہو جائیں ؟ ہم نے کہدیا ہے اور بار بار اعلان کیا ہے کہ ہم اپنے کہنے کے پابند ہیں - اس کے باوجود اطمینان نہیں

ہے - ہمارے پاس دوسرا کوئی ذریعہ آپکو اطمینان دلانے کا نہیں ہے - کئی کسان پٹہ داروں اور جاگیرداروں کے ظلم کا شکار ہوگئے ہیں اورآپ اپوزیشن پر ذمہ داری ڈالتے ہیں - جو مووںنٹ نظام شاہی کے خلاف چلائی گئی اور لڑائی لڑی گئی وہ چند مطالبات کے تحت تھی - اس کی ۵۰ فیصد مانگیں تو پوری کیجئے - تین چار سال سے حکومت کا رویہ ہم دیکھ رہے ہیں - گورنمنٹ پارٹی اسی ڈھنگ سے چل رکھی ہے اور بجٹ اسکی تائید کررہا ہے - اسکے برخلاف اپوزیشن پارٹی پر دھشت پسندی کا الزام عائد کیا جاتا ہے - مگر آپ بھی تو اھمسا کا نام لیکر جو کچھ کر رہے ہیں وہ کچھ کم نہیں ہے - آپ کو چاہئے کہ انصاف کریں - اور عوام کی مانگوں کو پورا کرنے کی کوشش کریں - آپ کا بجٹ یہ بتلاتا ہے کہ آپ فورسز کی مدد سے حکومت کرنا چاہتے ہیں - اس سے مقصد حاصل نہیں ہوسکتا - یہ طریقے آپ کے گلٹی کانشنس کو ظاہر کرتے ہیں - . . . . . . . . .

**مسٹر اسپیکر** - اب ھاؤس اڈجورن (Adjourn) ہوتا ہے - کل ہم ۱۰ بجے ملینگے - پہلے پوانٹ ہوگی - توقع ہے کہ اس میں ڈھائی گھنٹے لگینگے - اسکے بعد ساڑھے بارہ بجے سے دو بجے تک وقفہ ہوگا - دو بجے پھر ہم جمع ہونگے -

**ایک آنریبل ممبر** - مسٹر اسپیکر ، سر - ھاؤس اڈجورن ہونے سے پہلے میں یہ دریافت کرنا چاھتا ہوں کہ آنریبل چیف منسٹر نے آنریبل ممبر شری پاپی ریڈی کے خلاف یہ فرمایا کہ ایک فوجی ہونے کی حیثیت سے . . . . . . . . .

**مسٹر اسپیکر** - پاپی ریڈی صاحب خود یہاں موجود ہیں - کسی ممبر کو دوسرے ممبر کے متعلق اسکی موجودگی میں کچھ کہنے کی ضرورت نہیں -

**شری کے - و نکٹ رام راؤ** - میں پروسیجر کے بارے میں ایک چیز دریافت کرنا چاھتا ہوں - یعنی انٹریم بجٹ جب پیش ہوتا ہے تو کیا اسکی ہر مد کے متعلق بحث ہوتی ہے اور اسکے بعد ووٹنگ لی جاتی ہے یا ہر مد پر جنرل ڈسکشن ہوسکتا ہے یہ میری سمجھ میں نہیں آیا -

**مسٹر اسپیکر** - ایسا نہیں ہوتا بلکہ یہ کہا گیا ہے کہ جتنے امنڈمنٹس ہیں ان کے بارے میں ڈیمانڈس (Demands) آپ کے سامنے منفرداً رکھے جائینگے -

**شری کے وینکٹ رام راؤ** - مدراس میں بجٹ جب پیش ہوتا ہے تو ہر مد پر ڈسکشن ہوتا ہے - میں بمبئی کا طریقہ نہیں جانتا -

**مسٹر اسپیکر** - مگر میں سمجھتا ہوں کہ ڈسکشن کےلئے کافی موقع ہے جبکہ ڈیمانڈس پیش ہونگے اور وہ منفرداً بحث کےلئے رکھے جائینگے -

اب ۸ بجکر ۵ منٹ ہوچکے ہیں - ھاؤس برخاست کیا جاتا ہے کل ہم ۱۰ بجے پھر ملینگے اور ایجنڈے کے مطابق کارروائی ہوگی -

شری وی ۔ ڈی ۔ دیسپانڈے ۔ ڈپٹی اسپیکر کے سلسلے میں عرض کرونگا کہ ......

مسٹر اسپیکر ۔ اب ہم برخاست کر چکے ہیں ۔ آپ مجھسے بطور خانگی مل سکتے ہیں ۔

---

The Assembly then adjourned till Ten of the clock on Friday the 28th March, 1952.